*-(Tārīkh Ibn Kathīr V3, P188)*

عن عروة رض انه قال سئل اسامة رض وانا جالس كيف كان رسول الله ﷺ يسير فى حجة الوداع حين دفع قال كان يسير العنق فاذا وجد فجوة نصّ۔

(صحیح البخاری ج ۱ ص ۲۲۶)

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا اور میں وہاں بیٹھا ہوا تھا کہ حضور اقدس ﷺ حجۃ الوداع میں عرفات سے مزدلفہ کو کیسے گئے تھے؟ تو انہوں نے فرمایا کہ حضورِ اقدس ﷺ نے اپنی اونٹنی کو قابو میں رکھا۔ پھر جب کشادہ راستہ ملتا تو اس کو تیز کر دیا کرتے۔

Hadrat 'Urwa رضي الله عنه narrated: "Hadrat Usāma رضي الله عنه was asked in my presence: 'How did the Almighty Allah's Messenger's ﷺ depart from 'Arafa during the Farewell Pilgrimage?'. To this Usāma رضي الله عنه replied: 'The Holy Prophet ﷺ proceeded with a modest pace, and when there was sufficient space he made his camel go fast.'"

*-(Sahīh Al-Bukhārī V1, P226)*

# سیدنا راکب الجدعاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار جدعاء اونٹنی کے سوار درود و سلام بھیجے اللہ آپ پے

*Sayyidunā RĀKIB UL-JAD'Ā'* ﷺ
(Our Leader,
Rider of the She-Camel *Al-Jad'ā'* ﷺ)

عن ابی امامة رضی اللہ عنہ یقول سمعت رسول اللہ ﷺ یخطب الناس فی حجة الوداع وھو علی الجدعاء واضع رجلہ فی غرز الرحل یتطال یقول الا تسمعون فقال رجل من اٰخر القوم ما تقول قال اعبدوا ربکم وصلوا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے کہا کہ میں نے حضور اقدس ﷺ کو حجۃ الوداع کے موقع پر لوگوں کو خطاب فرماتے سنا اور آپ اپنی اونٹنی جدعاء پر سوار تھے اور آپ نے اسکی رکابوں میں پاؤں مبارک رکھے ہوئے تھے آپ نے اونچے ہو کر فرمایا، لوگو سنتے ہو ایک آدمی نے جو دور تھا، عرض کیا کہ آپ فرمائیں کیا فرماتے ہیں؟ آپ نے فرمایا اپنے رب کی عبادت کرو





خمسکم و صوموا شھرکم و ادوا زکاۃ اموالکم واطیعوا ذا امرکم تدخلوا جنۃ ربکم۔

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۵ ص ۲۵۱)

اور پانچ نمازیں پڑھو اور مہینہ کے روزے رکھو اور اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کرو اور اپنے حاکمِ وقت کی تابعداری کرو تو اپنے رب کی بہشتوں میں داخل ہو جاؤ گے۔

Abu Umāma رضی اللہ عنہ has narrated that he heard the Messenger of Allah the Almighty ﷺ addressing his people at the time of the Farewell Pilgrimage. He was mounted on his she-camel, called *Jad'ā'*, and had his feet in its stirrups. He rose and said: "Are you listening?". To this one man who was standing at the back of the people said: "Say what you will, O the Almighty Allah's Prophet ﷺ."

He ﷺ said: "Worship the Lord, pray five times, fast for the month, pay *zakāt* from your wealth and obey the ruler of your time so that Allah the Almighty may admit you into Paradise."

*-(Musnad Imām Aḥmad bin Ḥanbal V5, P251)*

و العضباء و الجدعاء ولم یکن بھما عضب ولا جدع وانما سمیتا بذلک

(شرح المواھب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳ ص ۱۳۱)

اور عضباء اور جدعاء ان کے نام تھے۔ ان کے کان نہ تو کترے ہوئے تھے نہ کٹے ہوئے تھے۔ صرف ان کے یہ نام رکھے ہوئے تھے۔

*Al-'Aḍbā'* and *Al-Jad'ā'* were their names. Although their ears were neither trimmed nor pierced, they were so named.

*-(Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya by Az-Zarqāni V3, P131)*

عن محمد بن ابراھیم التیمی رضی اللہ عنہ قال کانت القصواء

حضرت محمد بن ابراہیم التیمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں کہ قصواء

من نعم بنی الحریس ابتاعها ابوبکر رضی اللہ عنہ واخری معها بثمانمائة درهم، فاخذها رسول الله ﷺ منه بأربعمائة درهم، فكانت عنده حتى نفقت، وهی التی هاجر عليها، وكانت حين قدم رسول الله ﷺ المدينة رباعية وكان اسمها القصواء و الجدعاء والعضباء۔

(الطبقات الکبریٰ لابن سعد ج ۱ ص ۲۹۲)

بنی حریس کے اونٹوں میں سے تھی جسکو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے خرید لیا تھا اور ایک اور اونٹنی آٹھ سو درہم میں خریدی تھی جسکو حضورِ اقدس ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے چار سو درہم میں خرید لیا تھا۔ وہ مرتے دم تک آپ کے پاس ہی رہی تھی اور یہ وہی ہے جس پر سوار ہو کر آپ نے ہجرت فرمائی تھی اور یہ وہی اونٹنی ہے جس پر سوار ہو کر آپ مدینہ منورہ تشریف لائے تھے یہ چار دانتوں والی تھی اور اسی کا نام قصواء اور جدعاء اور عضباء تھا۔

Ḥadrat Muḥammad bin Ibrāhīm At-Taimi رضی اللہ عنہ narrated that among the camels of Banū Al-Ḥurais, which Abu Bakr رضی اللہ عنہ had purchased, was a camel named *Al-Qaṣwā'* and another one along with it for eight hundred dirhams and the Messenger of Allah the Almighty ﷺ bought it for four hundred dirhams. She stayed with the Holy Prophet ﷺ until his demise, and it was the same camel on which he migrated to Madinah. It had four teeth and was called by the name *Al-Qaṣwā'*, *Al-Jad'ā'* or *Al-'Aḍbā'*.

*-(At-Ṭabaqāt Al-Kubrā by Ibn Sa'd V1, P492)*





اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک

# سیدنا راکب الجمل صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار — جمل سوار — درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

*Sayyidunā RĀKIB UL-JAMAL* ﷺ
(Our Leader, the Camel-Rider ﷺ)

إشارة إلى قول يشيعا عليه السلام، "لانه هكذا قال السيد اذهب اقم الحارس. لينبه بما يرى فرأى ركابا ازواج فرسان ركاب حمير۔ ركاب جمال۔

(اشعیا آیۃ ۶، ۷، ۸ باب ۲۱ صفحہ ۱۰۱۵ طبع اکسفورڈ ۱۹۰۷ء)

حضرت یشعیا علیہ السلام نبی کے قول کی طرف اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے یوں فرمایا جا نگہبان بٹھا، جو کچھ دیکھے سو بتائے اس نے سوار دیکھے گھڑ چڑھوں کے دو دو آتے تھے اور گدھوں پر بھی سوار اور اونٹوں پر بھی سوار۔

This name is derived from a saying of Ḥadrat Asha'yā (Isaiah) عليه السلام, who said: "For thus hath the Lord said unto me; Go, set a watchman; let him declare what he seeth: He saw riders of horses in pairs, riders of donkeys and camels."

*-(Isaiah 21:6-8)*

ورد فی کتاب نبوۃ شعیا — حضرت شعیا علیہ السلام سے مروی ہے کہ

وهو ذو الكفل إنه قال قيل لي قم فانظر ما ترى فاخبر عنه فقلت رأيت راكبين احدهما على حمار والآخر على جمل.

(شرح المواهب اللدنية للزرقاني ج ٣ ص ١٣١)

ہیں، ان کی کتاب میں ہے۔" اس نے مجھے کہا کہ کھڑا ہو، دیکھ کیا دیکھتا ہے اور بتا، میں نے کہا کہ میں دو سواروں کو دیکھ رہا ہوں۔ ایک گدھے پر سوار ہے دوسرا اونٹ پر۔"

This name appeared in the Scripture of the Prophet Isaiah (Ḥaḍrat Asha'yā عليه السلام), who is also known as "*Dhu'l-Kifl* (He of the Herds of Horses"). He says that he was told to stand, watch and to report back what he saw. He reported that he saw a pair of riders, one on a donkey and the other on a camel.

*-(Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya by Az-Zarqāni V3, P131)*

قال ابن دحية رحمة الله عليه فراكب الحمار عيسى و راكب الجمل محمد ﷺ.

(شرح المواهب اللدنية للزرقاني ج ٣ ص ١٣١)

حضرت ابن دحیہ رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ گدھے کے سوار تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں اور اونٹ کے سوار حضور اقدس ﷺ ہیں۔

Ibn Diḥya رحمۃ اللہ علیہ has explained that the donkey-rider was meant to be Ḥaḍrat 'Īsā عليه السلام, and the camel-rider was meant to be Muhammad ﷺ.

*-(Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya by Az-Zarqāni V3, P131)*

في نبوة شعيا عليه السلام "قيل لي قم نظارا فانظر ما ترى تخبر به، قلت ارى راكبين مقبلين احدهما على حمار والآخر على جمل،

اور صحیفہ شعیا علیہ السلام میں ہے کہ مجھے کہا گیا اُٹھ دیکھ اور بتا کہ تو نے کیا دیکھا ہے۔ میں نے کہا کہ میں دو آنے والے سوار دیکھ رہا ہوں، ایک گدھے پر سوار ہے اور دوسرا اونٹ پر





يقول احدهما لصاحبه سقطت بابل واصنامها للبحر" وصاحب الحمار عندنا وعند النصارى هو المسيح (عليه السلام) وراكب الجمل هو محمد (ﷺ) صلوات الله وسلامه عليهما، وهو اشهر بركوب الجمل من المسيح بركوب الحمار و بمحمد ﷺ سقطت أصنام بابل لا بالمسيح.

(هدية الحيارى ص ٧٣/٧٢)

ایک سوار دوسرے سے کہہ رہا ہے کہ بابل کے محل گر گئے اور اسکے بت بھی ٹوٹ کر سمندر میں گر گئے اور ہمارے اور عیسائیوں کے نزدیک گدھے کے سوار تو حضرت مسیح ہیں اور اونٹ کے سوار حضرت محمد ﷺ ہیں اور آپ گدھے کی نسبت اونٹ کی سواری میں حضرت مسیح علیہ السلام سے زیادہ مشہور ہیں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے آنے سے نہیں بلکہ حضرت محمد ﷺ کے تشریف لانے سے بابل کے بت ٹوٹ کر گر گئے

In the Scripture of Ḥaḍrat Asha'yā (Isaiah) عليه السلام it was written: "For thus the Lord said to me: 'Go, on the lookout, watch and announce what you see', I said I see two riders approaching, one on a donkey and the other on a camel. One rider is saying to the other: 'Babylon has fallen along with its idols which have been engulfed by the sea'". The rider on the donkey according to us and the Christians is Ḥaḍrat 'Īsā عليه السلام, and the camel rider was Muhammad ﷺ. He was better known as a camel-rider than Ḥaḍrat 'Īsā عليه السلام, who was better known as a donkey-rider. And the idols of Babylon were destroyed by the coming of Muhammad ﷺ, not of 'Īsā عليه السلام.

*-(Hadīyat Al-Hayāra P72-3)*

# سیدنا راکب الدلدل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار دُلدل کے سوار درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

*Sayyidunā RĀKIB-UD-DULDUL* ﷺ
(Our Leader,
Rider of the Mule *Duldul* ﷺ)

قال ابن سعد رحمۃ اللہ علیہ
وركب بغلته البيضاء دلدل
ولبس درعين و المغفر۔
(الطبقات الکبریٰ لابن سعد ج ۲ ص ۱۵۰)

ابن سعد رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے
کہ آپ اپنی سفید خچر دُلدل
پر سوار ہوئے اور آپ نے دو زرہیں
پہنیں اور لوہے کی ٹوپی پہنی۔

Ibn Sa'd رحمۃ اللہ علیہ has explained that the Almighty Allah's Prophet ﷺ rode on his white mule named *Duldul*, wore two coats of armour and a steel helmet.
*-(At-Ṭabaqāt Al-Kubrā by Ibn Sa'd V2, P150)*

وكان له ﷺ
من البغال دلدل
وكانت شهباء اهدا هاله
المقوقس۔ (المواہب اللدنیۃ ج ۲ ص ۳۸۹)

اور آپ حضورِ اقدس ﷺ
کی خچر دُلدل تھی اور وہ سفید رنگ
کی تھی جس کو مصر کے بادشاہ مقوقس
نے آپ کو تحفہ ارسال کیا تھا۔

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین یا رب العلمین ط



The Almighty Allah's Prophet's (ﷺ) mule was called *Duldul*. It was presented to him by Al-Maqūqas, King of Egypt.
*-(Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya by Az-Zarqāni V3, P389)*

عن علقمة ابن ابی علقمة
قال بلغنی والله اعلم ان اسم
بغلة النبی ﷺ الدلدل
وكانت شهباء وكانت
بينبع حتى ماتت ثم۔
(الطبقات الکبریٰ لابن سعد ج ۱ ص ۴۹۱)

حضرت علقمہ بن ابی علقمہ
رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ مجھے یہ بات
پہنچی ہے اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا
ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ کی
خچر کا نام دُلدل تھا اور وہ سفید
رنگ کی تھی اور وہ ینبع میں
رہتی تھی حتیٰ کہ وُہ وہیں مر گئی۔

Ḥadrat 'Alqama bin Abi 'Alqama رحمۃ اللہ علیہ explained that it was reported to him that the name of the Holy Prophet's (ﷺ) mule was *Duldul*, and that it was white. It stayed in Yanbu', where it eventually died.
*-(At-Ṭabaqāt Al-Kubrā by Ibn Sa'd V1, P491)*

وكان من جملة الهدية
غلام اسود خصى اسمه
مابور وخفين ساذجين
أسودين وبغلة
بيضاء اسمها الدلدل۔
(تاریخ ابن کثیر ج ۴ ص ۲۷۳)

اور منجملہ تحفوں کے جو کہ شاہِ
مصر مقوقس نامی نے حضورِ اقدس
ﷺ کی خدمت میں ارسال
کیے، ایک سیاہ خصی غلام جس کا
نام مابور تھا، ایک جوڑا سادے،
سیاہ موزوں کا اور ایک سفید رنگ
کی خچر جس کا نام دُلدل تھا۔

Among the various presents sent to the Almighty Allah's Prophet ﷺ were a black eunuch slave named Mābūr, a pair of plain black socks, and a white mule named *Duldul*.
*-(Tārīkh Ibn Kathīr V4, P273)*

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین یا رب العلمین ط

عن عبد الله بن بريدة رضی اللہ عنہ ان رسول الله ﷺ يوم حنين انكشف الناس عنه فلم يبق معه الا رجل يقال له زيد أخذ بسنان بغلته الشهباء وهي التي امد اهاله النجاشي فقال له رسول الله ﷺ ويحك حض الاوس والخزرج هذا رسول الله يدعوكم۔

(الحدیث)
(منتخب کنز العمال علی ہامش مسند الامام احمد بن حنبل ج ۴ ص ۱۶۷)

حضرت عبد اللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ جنگِ حنین کے دن جب لوگ آپؐ سے بھاگ گئے تھے مگر ایک آدمی جس کو زید کہا جاتا تھا وہ آپؐ کی سفید خچر (دُلدل) کی لگام پکڑے ہوئے تھا جس خچر کو نجاشی بادشاہِ حبشہ نے بطور تحفہ کے حضورِ اقدس ﷺ کی خدمت میں بھیجا تھا۔ آپؐ نے اسے زید کو فرمایا تجھے افسوس اوس اور خزرج کے قبائل کو رغبت دلاؤ کہ یہ اللہ تعالیٰ کے رسُول تمھیں بلاتے ہیں۔

Ḥadrat ‘Abdullah bin Buraida رضی اللہ عنہ narrated that on the day of the Battle of Ḥunayn, people disappeared from the scene and the Messenger of Allah the Almighty ﷺ was left with only one man named Zaid. Zaid held the reins of his mule, which was white in colour and that which King Negus had presented to him. The Messenger of Allah the Almighty ﷺ told him (‘Abdullah) رضی اللہ عنہ: “Alas! Exhort the tribes of Al-Aws and Al-Khazraj, tell them that this is the Messenger of Allah the Almighty ﷺ who invites them.”

*-(Muntakhab Kanz Al-‘Ummāl, on the margin of Musnad Imām Aḥmad bin Ḥanbal V4, P167)*

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین یا رب العلمین ط



اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا ورسولنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ وعشیرتہ وامتہ وکل من تولاک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

# سیدنا راکب الرفرف ﷺ

ہمارے سردار رفرف کے سوار ﷺ پر درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

*Sayyidunā RĀKIBU RAFRAF* ﷺ
(Our Leader, Rider of the Cushion ﷺ)

عن انس رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله ﷺ بينا انا جالس اذ جاء جبريل فوكز بين كتفي فقمت الى شجرة فيها مثل وكر الطائر فقعد في احدهما وقعدت في الاخرى فنمت فارتفعت حتى سدت الخافقين وانا اقلب بصري

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ نے فرمایا ایک وقت میں بیٹھا ہوا تھا حضرت جبریل علیہ السلام آئے اور انھوں نے میرے دونوں کندھوں کے درمیان ہاتھ لگایا تو میں ایک درخت کی طرف گیا۔ اس درخت میں پرندوں کے دو گھونسلوں کی طرح جگہ تھی۔ ایک میں وہ بیٹھ گئے، ایک میں میں بیٹھ گیا پھر سو گئے۔ وہ گھونسلے اڑ پڑے حتیٰ کہ انھوں نے آسمان کو بھر دیا اور میں

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین یا رب العلمین ط

عن عبد الله بن بريدة رضی اللہ عنہ ان رسول الله ﷺ يوم حنين انكشف الناس عنه فلم يبق معه الا رجل يقال له زيد اخذ بعنان بغلته الشهباء وهي التي اهدا اهاله النجاشي فقال له رسول الله ﷺ ويحك حض الاوس والخزرج هذا رسول الله يدعوكم۔

(الحديث)

(منتخب كنز العمال على هامش مسند الامام احمد بن حنبل ج ۴ ص ۱۶۷)

حضرت عبد اللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ جنگِ حنین کے دن جب لوگ آپؐ سے بھاگ گئے تھے مگر ایک آدمی جس کو زید کہا جاتا تھا وہ آپؐ کی سفید خچر (دُلدل) کی لگام پکڑے ہوئے تھا جس خچر کو نجاشی بادشاہِ حبشہ نے بطور تحفہ کے حضورِ اقدس ﷺ کی خدمت میں بھیجا تھا۔ آپؐ نے اسے (زید کو) فرمایا تجھے افسوس اوس اور خزرج کے قبائل کو رغبت دلاؤ کہ یہ اللہ تعالیٰ کے رسول تمھیں بلاتے ہیں۔

Hadrat 'Abdullah bin Buraida رضی اللہ عنہ narrated that on the day of the Battle of Hunayn, people disappeared from the scene and the Messenger of Allah the Almighty ﷺ was left with only one man named Zaid. Zaid held the reins of his mule, which was white in colour and that which King Negus had presented to him. The Messenger of Allah the Almighty ﷺ told him ('Abdullah) رضی اللہ عنہ: "Alas! Exhort the tribes of Al-Aws and Al-Khazraj, tell them that this is the Messenger of Allah the Almighty ﷺ who invites them."

-(*Muntakhab Kanz Al-'Ummāl, on the margin of Musnad Imām Aḥmad bin Ḥanbal V4, P167*)





بسم الله الرحمن الرحيم

اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الامي وعلى آله واصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك وبعدد خلقك ورضى نفسك وزنة عرشك ومداد كلماتك استغفر الله الذي لا اله الا هو الحي القيوم واتوب اليه

ماشاء الله لا قوة الا بالله

# سیدنا راکبِ رفرف ﷺ

ہمارے سردار رفرف کے سوار درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

## Sayyidunā RĀKIBU RAFRAF ﷺ
## (Our Leader, Rider of the Cushion ﷺ)

عن انس رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله ﷺ بينا انا جالس اذ جاء جبريل فوكز بين كتفي فقمت الى شجرة فيها مثل وكرى الطائر فقعد في احدهما وقعدت في الاخرى فنمت فارتفعت حتى سدت الخافقين وانا اقلب بصري

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ نے فرمایا ایک وقت میں بیٹھا ہوا تھا حضرت جبریل علیہ السلام آئے اور انھوں نے میرے دونوں کندھوں کے درمیان ہاتھ لگایا تو میں ایک درخت کی طرف گیا۔ اس درخت میں پرندوں کے دو گھونسلوں کی طرح جگہ تھی۔ ایک میں وہ بیٹھ گئے، ایک میں میں بیٹھ گیا بلکہ سو گیا۔ وہ گھونسلے اڑ پڑے حتیٰ کہ انھوں نے آسمان کو بھر دیا اور میں

ولو شئت ان امس السمآء لمست فالتفت الی جبریل علیہ السلام فاذا هو کانه حلس لاطئ فعرفت فضل علمه بالله علی وفتح لی باب من السماء ورایت النور الاعظم ولط دونی الحجاب رفرفه الدر والیاقوت ثم اوحی الله الی ماشاء ان یوحی۔ (منتخب کنز العمال علی هامش مسند الامام احمد بن حنبل ج ۴ ص ۶۹-۲۶۸)

نظروں کو اُلٹ پلٹ کرتا تھا۔ اگر مَیں آسمان کو چھُونا چاہتا تو اس کو چھُو لیتا۔ مَیں حضرت جبریلؑ کی طرف متوجہ ہوا۔ وہ گویا زمین پر گرے ہوئے ٹاٹ کی طرح تھے۔ مَیں نے اس کی فضیلت کو جو اسے اللہ نے دے رکھی تھی، جان لیا، پھر میرے واسطے آسمان کا دروازہ کھُلا اور مَیں نے بڑا نُور دیکھا، پھر پردوں کے پیچھے سے سچّے موتیوں اور سُرخ یاقوت کا پنگھوڑا (رفرف) نمودار ہُوا، مَیں اس میں سوار ہو گیا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے جو چاہا میری طرف وحی کی۔

Hadrat Anas bin Mālik رضی اللہ عنہ narrated that the Almighty Allah's Messenger ﷺ said: "Once I was sitting when Jibrīl (Archangel Gabriel) علیہ السلام came and touched me between the shoulders. I went towards a tree in which there was something like two nests. I sat in one of them and he sat in the other, and I slept there. The two nests began to rise until they filled the sky. I glanced about, and if I had wanted to touch the sky, I could have done so. Then I turned to Jibril علیہ السلام, who was as if a blanket clung to the ground, and understood the extent of his (status and) knowledge of Allah the Almighty. Then the door of the sky was opened for me, and I saw the Greatest Light, and then from behind the curtains a cushion appeared, made of diamonds and rubies. (I sat





on it), and then Allah the Almighty revealed to me what He willed."

-(Muntakhab Kanz Al-'Ummāl, on the margin of Musnad Imām Ahmad bin Ḥanbal V4, PP268-9)

قال ابن عباس رضی اللہ عنہما فتدلی الرفرف لمحمد ﷺ لیلة المعراج فجلس علیه ثم رفع ودنا من ربه قال فارقنی جبریل علیہ السلام وانقطعت عنی الاصوات۔ (نسیم الریاض ج ۲ ص ۳۱۰)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورِ اقدس ﷺ کے لیے معراج کی رات رفرف لٹکی، آپؐ اس پر بیٹھ گئے، پھر آپؐ کو اٹھایا گیا اور آپؐ اپنے ربّ کے نزدیک ہو گئے۔ آپؐ نے فرمایا حضرت جبریل علیہ السلام مجھ سے جُدا ہو گئے اور (دُنیا کی) آوازیں بھی ختم ہو گئیں۔

Hadrat Ibn 'Abbās رضی اللہ عنہما narrated that on the night of his Ascension, a cushion was brought down for Muhammad ﷺ. He sat on it and was lifted up so that he drew near to his Lord. He then said that Jibrīl علیہ السلام left him, and that all the sounds of the world disappeared.

-(Nasīm Ar-Riyāḍ V2, P310)

# سیدنا راکب السکب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار سکب گھوڑے کے سوار درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

**Sayyidunā RĀKIB AS-SAKAB ﷺ**
**(Our Leader,**
**Rider of the Horse *As-Sakab* ﷺ)**

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال کان له فرس ادهم یسمی السکب وکان له سرج یسمی الداج -

(رواہ الطبرانی - تاریخ ابن کثیر ج ٦ ص ٩)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورِ اقدس ﷺ کا مشکی گھوڑا تھا جس کا نام سکب تھا اور اس (گھوڑے) کی زین کا نام داج تھا۔

Ḥadrat Ibn ‘Abbās رضی اللہ عنہما narrated that the Almighty Allah’s Prophet ﷺ had a deep-black horse named *As-Sakab*, and its saddle was called *Ad-Dāj*.

*-(At-Tabarāni in Tārikh Ibn Kathīr V6, P9)*

وکان اغر محجلاً طلق الیمین کمیتاً اشتراه ﷺ بعشرة اواق -

(شرح المواهب اللدنیة للزرقانی ج ۳ ص ۲۸۴)

آپ کا یہ گھوڑا پنج کلیان، اگلا دایاں پاؤں سفید، رنگ کا کمیت تھا۔ اس کو حضورِ اقدس ﷺ نے دس اوقیوں سے خریدا تھا۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط



It was unique in its beauty (white footed and having a blaze), that galloped with the right foot. He ﷺ had bought it for ten silver pieces.

*-(Sharh Al-Mawāhib Al-Ladunya by Az-Zarqāni V3, P384)*

قال الثعلبیؒ اذا کان الفرس شدید الجری فهو فیض وسکب تشبیهًا بفیض الماء وانسکابه -

(شرح المواهب اللدنیة للزرقانی ج ۳ ص ۲۸۴)

امام لغت ثعلبی رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ جب گھوڑا بہت تیز ہو تو اس کا نام فیض یا سکب ہوتا ہے، فیض اور سکب کو پانی کے سخت بہاؤ سے تشبیہ دی گئی ہے۔

The lexicographer Imām Al-Tha’labi رحمۃ اللہ علیہ says: “When it is an exceptionally fast horse, it is called *Fayḍ* or *Sakab*, both of which describe the flow and speed of water.”

*-(Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya by Az-Zarqāni V3, P384)*

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

سیدنا راکب الضرب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار ضرب گھوڑے کے سوار درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

*Sayyiduna RĀKIB UZ-ZARB* ﷺ
(Our Leader,
Rider of the Horse *Az-Zarb* ﷺ)

عن سهل بن سعد رضی اللہ عنہ
كان لرسول الله ﷺ
عندی ثلاثة أفراس؛
لزاز، والظَّرِب واللحيف۔

(الطبقات الکبریٰ لابن سعد ج ۱، ص ۴۹۰)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ کے تین گھوڑے میرے پاس رہتے تھے۔ لزاز، ظرب، لحیف۔

Hadrat Sahl bin Sa'd رضی اللہ عنہ narrated that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ had three horses in my care, named *Lazzāz*, *Az-Zarb* and *Al-Lahīf*.
*-(At-Tabaqāt Al-Kubrā by Ibn Sa'd V1, P490)*

واما الظرب فاهداه
له فروة بن عمير الجذامی۔

(الطبقات الکبریٰ لابن سعد ج ۲ ص ۴۹۰)

ظرب گھوڑے کا تحفہ فروہ بن عمیر جذامی نے ارسال کیا تھا۔

*Az-Zarb* had been presented to him by Farwat bin 'Umair

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط



قال البيهقیؒ و رويناه
فی كتاب السنن أسماء افراسه
التی كانت عند الساعدیين
لزاز واللحيف وقيل اللخيف و
الظرب۔

(تاریخ ابن کثیر ج ۶ ص ۸)

امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ ہم نے سُنن میں حضورِ اقدس ﷺ کے گھوڑوں کی روایت بیان کی ہے جو جانکیوں (گھوڑوں کو دوڑانے والے) کے پاس رہتے تھے، انکے نام یہ ہیں، لزاز، لحیف اور کہا گیا ہے لخیف اور ظرب

Imām Al-Baihaqi رحمۃ اللہ علیہ said: "In the *Sunan* we have narrated the names of the horses that belonged to the Holy Prophet ﷺ under the care of two assistants. They were *Lazzāz*, *Al-Lahīf* also called *Al-Lakhīf* and *Az-Zarb*."
*-(Tārikh Ibn Kathīr V6, P8)*

Al-Judnaini.
*(At-Tabaqāt Al-Kubrā by Ibn Sa'd V2, P490)*

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک

# سیدنا راکب اللحیف صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار لحیف گھوڑے کے سوار درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

*Sayyidunā RĀKIB-UL-LAḤĪF* ﷺ
(Our Leader,
Rider of the Horse *Al-Laḥīf* ﷺ)

عن سهل بن سعد رضی اللہ عنہ قال كان للنبی ﷺ فی حائطنا فرس يقال له اللحيف وقال بعضهم اللخيف بالخاء۔

(صحیح البخاری ج ۱ ص ۴۰۰)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ کا گھوڑا جس کو لحیف یا لخیف کہا جاتا تھا وہ ہمارے باغ میں رہتا تھا۔

Hadrat Sahl bin Sa'd رضی اللہ عنہ narrated: "In our garden was a horse belonging to the Holy Prophet ﷺ named *Al-Laḥīf*. Some called it *'Al-Lakhīf'*, with a *khā'*."

*-(Ṣaḥīḥ Al-Bukhārī V1, P400)*

اهدا هاله ربيعة ابن البراء رضی اللہ عنہ سمی به لسمنه وكبره كانه

جس کو ربیعہ بن البراء رضی اللہ عنہ نے حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں تحفہ بھیجا تھا۔ یہ نام اس گھوڑے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط



یلحف الارض۔

(شرح المواهب اللدنیة للزرقانی ج ۳ ص ۳۸۶)

کا اس لیے رکھا گیا کہ وہ فربہ اور بڑے قد کا تھا گویا کہ وہ زمین کے ساتھ مل گیا تھا۔

This horse was presented to the Holy Prophet ﷺ by Rabī'a ibn Al-Barā' رضی اللہ عنہ. It was called *Al-Laḥīf* (the covering one) because it was plump and large as if it covered the ground.

*-(Sharh Al-Mawāhib Al-Ladunya by Az-Zarqāni V3, P386)*

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

# سیدنا راکب الناقۃ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

## ہمارے سردار اونٹنی کے سوار درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

## Sayyidunā RĀKIB-UN-NĀQAH ﷺ
## (Our Leader, Rider of the She-Camel ﷺ)

قال موسیٰ بن عقبة وكانت الانصار قد اجتمعوا قبل أن يركب رسول الله ﷺ من بني عمرو بن عوف فقاموا حول ناقته لا تزال أحدهم ينازع صاحبه زمام الناقة شحا على كرامة رسول الله ﷺ وتعظيما له وكلما مر بدار من دور

موسیٰ بن عقبہ (صاحبِ مغازی) کا بیان ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ ابھی اونٹنی پر سوار نہ ہوئے تھے کہ انصار اکٹھے ہو گئے جو قبیلہ بنو عمرو بن عوف سے تعلق رکھتے تھے وہ حضورِ اقدس ﷺ کی اونٹنی کے اردگرد چل رہے تھے۔ وہ ایک دوسرے سے جھگڑ کر اونٹنی کی مہار پکڑتے تھے بوجہ بزرگی حضورِ اقدس ﷺ کی کے اور آپ کی تعظیم کے لیے جب اونٹنی





الانصار دعوه إلى المنزل فيقول ﷺ "دعوها فإنها مأمورة فأنما أنزل حيث أنزلني الله" فلما انتهت إلى دار أبي أيوب رضي الله عنه برکت به على الباب فنزل فدخل بيت أبي أيوب رضي الله عنه حتى ابتنى مسجده ومساكنه.

(تاریخ ابن کثیر ج ۳۔ ص ۱۹۹)

انصار کے محلوں سے گزرتی تھی تو ہر انصاری یہی کہتا تھا کہ آپ ہمارے ہاں ٹھہریں۔ آپ فرماتے کہ اس کو چھوڑ دو، اس کو اللہ کی طرف سے حکم ہے۔ میں وہیں اتروں گا جہاں اللہ نے مجھے اتارا۔ پھر جب وہ اونٹنی ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے گھر کے سامنے بیٹھ گئی تو آپ اس سے اتر پڑے اور حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کے گھر تشریف لے گئے حتیٰ کہ پھر آپ نے اپنی مسجد اور مکانات تعمیر کیے۔

Ḥadrat Mūsā bin ʻUqba رضی اللہ عنہ narrated that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ had not yet mounted his she-camel that the Anṣār from Bani ʻAmr bin ʻAwf gathered and circled around her. Out of love and respect for the Almighty Allah's Prophet ﷺ they continued to contend with each other to hold on to the camel's reigns. As the she-camel passed by the houses of the Anṣār each one begged him to stay at his house, but the Messenger of Allah the Almighty ﷺ said: "Leave her (to it) for she has been commanded (by Allah the Almighty)! So I shall get down where Allah the Almighty wishes me to."

Then, when the camel came to the house of Ḥadrat Abu Ayyūb رضی اللہ عنہ, it kneeled down at the door. The Messenger of Allah the Almighty ﷺ dismounted and entered the house of Abu Ayyūb رضی اللہ عنہ. He stayed there until his Masjid and living quarters had been built.

*-(Tārikh Ibn Kathīr V3, P199)*

عن الفضل بن عباس رضی اللہ عنہما وکان ردیف رسول اللہ ﷺ انہ قال فی عشیۃ عرفۃ وغداۃ جمع للناس حین دفعوا علیکم بالسکینۃ وھو کاف ناقتہ حتی دخل محسرا وھو من منیٰ قال علیکم بحصی الخذف الذی ترمی بہ الجمرۃ وقال لم یزل رسول اللہ ﷺ یلبی حتی رمی الجمرۃ۔

(الصحیح لمسلم ج ۱۔ ص ۴۱۵)

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے اور وہ حضورِ اقدس ﷺ کے پیچھے سوار تھے۔ عرفات کے روز دن ڈھلے اور مزدلفہ کی صبح کو جب آپؐ (منیٰ کو) واپس جا رہے تھے تو فرمایا اے لوگو آرام سے چلو اور آپؐ نے اپنی ناقہ کی مہار کو کھینچ رکھا تھا حتیٰ کہ آپؐ وادیٔ محسر میں داخل ہوگئے اور وادیٔ محسر منیٰ میں شامل ہے فرمایا چھوٹے چھوٹے کنکروں سے رمی جمار کرو اور انہوں نے یہ بھی بیان کیا کہ آپؐ رمی جمار کرنے تک لبیک پکارتے رہے۔

Ḥadrat Ibn 'Abbās رضی اللہ عنہ narrated on the authority of Al-Faḍl bin 'Abbās رضی اللہ عنہ, who used to ride seated behind the Messenger of Allah the Almighty ﷺ, that the Holy Prophet ﷺ said to those people who were pushing on the evening of 'Arafah that they should proceed slowly. He himself drove his she-camel with restraint, until he entered Muhassir (a place in Minā), and told them to take up stones, which were to be thrown at *Al-Jamrah*. The Messenger of Allah the Almighty ﷺ continued to pronounce the *Talbiyah* until he had stoned *Al-Jamrah*.

-(*Ṣaḥīḥ Muslim V1, P415*)





بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

# سیدنا راکب النجیب ﷺ

ہمارے سردار عمدہ اونٹ کی سواری کرنیوالے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

## Sayyidunā RĀKIB-UN-NAJĪB ﷺ
## (Our Leader, Rider of Fine Camels ﷺ)

قال ابن اسحاق رح کان سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ واقفا علی باب العریش متقلدًا بالسیف ومعہ رجال من الانصار یحرسون رسول اللہ ﷺ خوفا علیہ من ان یدھمہ العدو من المشرکین والجنائب النجائب مھیأۃ لرسول اللہ ﷺ ان احتاج الیھا رکبھا ورجع الی المدینۃ۔

امام ابن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے حضرت سعدؓ (بدر کے دن) حضورِ اقدس ﷺ کی جھونپڑی کے سامنے ننگی تلوار سے پہرہ دے رہے اور ان کے ساتھ اور انصار بھی بطور محافظ کھڑے تھے کہ اگر آپؐ پر مشرک دشمن اچانک حملہ کردیں تو ان کا دفاع ہو اور عمدہ اونٹنیاں حضورِ اقدس ﷺ کے لیے تیار کھڑی تھیں کہ اگر ضرورت پڑی تو آپؐ ان پر سوار ہو کر مدینہ منورہ

واپس آجائیں گے۔

(تاریخ ابن کثیر ج ۳ ص ۲۷۱)

Hadrat Ibn Ishaq رحمۃ اللہ علیہ narrated that Hadrat Sa'd bin Mu'ādh رضی اللہ عنہ was standing guard in front of the Holy Prophet's ﷺ hut, with his sword unsheathed. With him were other members of the Anṣār, so that if the polytheist enemies attacked suddenly, the Almighty Allah's Prophet ﷺ would be defended. Fine she-camels were also kept ready, so that if he needed to, he could ride back to Madinah *Al-Mumawwarah*.

*-(Tārīkh Ibn Kathir V3, P271)*





سیدنا راکب عفیر صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار عفیر کے سوار درود وسلام پہنچے آپ پر

*Sayyidunā RĀKIBU 'AFĪR* ﷺ
(Our Leader,
Rider of the Donkey *'Afīr* ﷺ)

عن علی رضی اللہ عنہ قال کان للنبی ﷺ فرس یقال له المرتجز وحمار یقال له عفیر وبغلة یقال لها دلدل وسیفه ذوالفقار وذرعه ذوالفضول۔

(رواہ ابن اسحاق۔ تاریخ ابن کثیر ج ۶ ص ۸)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ کا گھوڑا تھا جس کو المرتجز کہا جاتا تھا اور ایک گدھا تھا جس کو عفیر کہا جاتا تھا اور خچر تھا جس کا نام دلدل تھا اور آپ کی تلوار کا نام ذوالفقار تھا، اور زرہ تھی جس کا نام ذوالفضول تھا

Hadrat 'Alī رضی اللہ عنہ said that the Holy Prophet ﷺ had a horse called *Al-Murtajaz* and a donkey called *'Afīr*, a mule called *Duldul*, a sword called *Dhul-fiqār*, and his armour was called *Dhul-fudūl*.

*-(Ibn Ishāq in Tārīkh Ibn Kathīr V6, P8)*

عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ حضرت عبداللہ بن مسعود

قال كانت الانبياء عليهم السلام يلبسون الصوف ويحلبون الشاة ويركبون الحمير وكان لرسول الله ﷺ حمار يقال له عفير۔

(شرح المواهب اللدنية للزرقانی ج ۳ ص ۳۹۰)

رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انبیاء اُون کا لباس پہنتے تھے اور بکریوں کا دُودھ دوہتے تھے اور گدھوں کی سواری کرتے تھے اور حضورِ اقدس ﷺ کا گدھا تھا جس کا نام عفیر تھا۔

Ḥadrat ‘Abdullāh Ibn Mas‘ūd رضی اللہ عنہ narrated that the Prophets of Allah the Almighty عليهم السلام wore woollen garments, milked the sheep and rode donkeys. The Messenger of Allah the Almighty ﷺ had a donkey called *‘Afīr*.

*-(Sharh Al-Mawāhib Al-Ladunya by Az-Zarqāni V3, P390)*

عن أنس بن مالك رضی اللہ عنہ قال كان رسول الله ﷺ يعود المريض ويشيع الجنازة ويجيب دعوة المملوك ويركب الحمار وكان يوم قريظة والنضير على حمار ويوم خيبر على حمار مخطوم برسن من ليف وتحته اكاف من ليف۔

(سنن ابن ماجة ص ۳۰۸)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ بیمار کی بیمار پرسی فرماتے تھے اور جنازہ کے ساتھ تشریف لے جایا کرتے تھے اور غلاموں کی دعوت قبول فرمالیا کرتے تھے اور گدھے کی سواری فرمایا کرتے تھے اور بنی قریظہ اور نضیر کی جنگ کے دن آپ گدھے پر سوار تھے اور خیبر کے دن آپ ایسے گدھے پر سوار تھے جسکو کھجور کے پتوں کی لگام دی گئی تھی اور آپ کے نیچے کھجور کے پتوں کی زین تھی۔





Ḥadrat Anas bin Mālik رضی اللہ عنہ narrated that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ used to visit the sick and accompany the funerals of the dead. He used to accept the invitations of slaves, and rode on a donkey. On the day of the battle of Quraiẓa and Nadīr he was riding a donkey. On the day of the battle of Khaybar, he was riding a donkey whose reigns and saddle were made of palm leaves.

*-(Sunan Ibn Mājah P308)*

قال ابن الملك رحمۃ اللہ علیہ فيه دليل على ان ركوب الحمار سنة قلت فمن استنكف من ركوبه كبعض المتكبرين وجماعة من جهلة الهند فهو اخس من الحمار۔

(مرقات شرح مشکوٰۃ لملا علی القاری الحنفی المکی ج ۱۱۔ ص ۹۳)

ابنِ مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اِس حدیث میں دلیل ہے کہ گدھے کی سواری سُنّت ہے۔ مَیں کہتا ہوں جو اس کی سواری سے نفرت کرے جیسے ہندوستان کے بعض متکبر اور جاہلوں کی ایک جماعت کا خیال ہے، وہ گدھے سے زیادہ ذلیل و خسیس ہیں۔

Ḥadrat Ibn Al-Mālik رحمۃ اللہ علیہ explains: “There is proof in the *Ḥadīth* that riding a donkey is in accordance with the *Sunnah*. I say that anyone who dislikes riding a donkey — as some arrogant people and a group of ignorant people from India do — is meaner than the donkey itself.”

*-(Mirqāt Sharh Mishkāt by Mullā ‘Alī Al-Qāri Al-Makki V11, P94)*

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

# سیدنا راکب یعفور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

ہمارے سردار یعفور کے سوار

## Sayyidunā RĀKIBU YA'FŪR ﷺ
## (Our Leader, Rider of the Donkey Ya'fūr ﷺ)

عن زامل بن عمرو رضی اللہ عنہ قال اھدی فروۃ بن عمرو الی النبی ﷺ بغلۃ یقال لھا فضۃ فوھبھا لابی بکر رضی اللہ عنہ وحمارہ یعفور فنفق منصرفہ من حجۃ الوداع۔

(الطبقات الکبریٰ لابن سعد ج ۱ ص ۴۹۱)

حضرت زامل بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فروہ بن عمرو نے حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں خچر کا تحفہ بھیجا جس کا نام فضہ تھا۔ پھر آپ نے وہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو عنایت فرما دیا۔ آپ کے گدھے کا نام یعفور تھا۔ وہ حجۃ الوداع سے واپسی پر ختم ہو گیا تھا۔

Ḥadrat Zāmil bin 'Amr رضی اللہ عنہ narrated that Farwah bin 'Amr presented a mule to the Holy Prophet ﷺ, and it was called *Al-Fiḍḍah*. He then gave that mule to

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط



Hadrat Abu Bakr رضی اللہ عنہ. His donkey was called *Ya'fūr*, and he died after the Holy Prophet ﷺ returned from the Farewell Pilgrimage.

*-(At-Ṭabaqāt Al-Kubrā by Ibn Sa'd V1, P491)*

عن علقمۃ بن ابی علقمۃ رضی اللہ عنہ قال بلغنی واللہ اعلم ان اسم حمار النبی ﷺ الیعفور۔

(الطبقات الکبریٰ لابن سعد ج ۱ ص ۴۹۲)

حضرت علقمہ بن ابی علقمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے یہ بات پہنچی کہ حضور اقدس ﷺ کے گدھے کا نام یعفور تھا۔ واللہ اعلم

Ḥadrat 'Alqama bin Abi 'Alqama رضی اللہ عنہ said: "I have been informed and Allah the Almighty knows best that the Holy Prophet's (ﷺ) donkey was called *Al-Ya'fūr*."

*-(At-Ṭabaqāt Al-Kubrā by Ibn Sa'd V1, P492)*

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

بسم الله الرحمن الرحيم ما شاء الله لا قوة إلا بالله
اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الأمي وعلى آله وأصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك
وعد وخلق ورضى نفسك وزنة عرشك ومداد كلماتك أستغفر الله الذي لا إله إلا هو الحي القيوم وأتوب إليه

# السيد نا الراكع صلى الله عليه وسلم

ہمارے سردار رکوع کرنیوالے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

## *Sayyiduna AR-RĀKI'* ﷺ
## (Our Leader, Who
## Bowed Before Allah the Almighty ﷺ)

إشارة إلى قوله:

"مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللَّهِ ۚ وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ تَرَاهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا ۟"

(سورة الفتح — ٢٩)

اشارہ ہے اس آیت کی طرف:

"حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ آپ کے صحبت یافتہ ہیں وہ کافروں کے مقابلہ میں تیز ہیں آپس میں مہربان ہیں۔ اے مخاطب تو ان کو دیکھے گا کبھی رکوع کر رہے ہیں کبھی سجدہ کر رہے ہیں۔"

Reference to the *Holy Qur'an*:

Muhammad is the Messenger
Of Allah; and those who are
With him are strong

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط



Against Unbelievers, (but)
Compassionate amongst each other.
*-(Al-Fath 48:29)*

"اَلتَّآئِبُوْنَ الْعَابِدُوْنَ الْحَامِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرَّاكِعُوْنَ ۔"

(سورة التوبة ١١٢)

"وہ ایسے ہیں جو توبہ کرنے والے ہیں۔ عبادت کرنے والے۔ حمد کرنے والے۔ روزہ رکھنے والے اور رکوع کرنے والے ہیں۔"

Those that turn (to Allah)
In repentance; that serve Him,
And praise Him; that wander
In devotion to the Cause of Allah;
That bow down and prostrate themselves
In prayer . . .
*-(At-Tawbah 9:112)*

" وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ۝" (سورة البقرة - ٤٣)

"اور قائم کرو تم لوگ نماز کو اور دو زکوٰۃ کو اور عاجزی کرو عاجزی کرنے والوں کے ساتھ۔

And be steadfast in prayer;
Practise regular charity;
And bow down your heads
With those who bow down (in worship).
*-(Al-Baqarah 2:43)*

عن انس بن مالك رضي الله عنه عن النبي ﷺ قال اقيموا الركوع والسجود فوالله اني لاراكم من بعد ظهري اذا ركعتم و سجدتم۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا رکوع اور سجدے کو قائم رکھو۔ اللہ کی قسم میں تمہیں اپنے پیچھے سے دیکھتا ہوں جب تم رکوع اور سجدہ کرتے ہو۔

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

(صحیح البخاری ج ۱ ص ۱۰۲)

Ḥadrat Anas bin Mālik رضی اللہ عنہ narrated: "The Holy Prophet ﷺ said, 'Perform the *rukū'* and *sujūd* (properly). By Allah the Almighty, I see you behind me when you bow and prostrate.'"

*-(Ṣaḥīḥ Al-Bukhāri V1, P102)*

عن عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ قال قال النبی ﷺ لاخیر فی دین لا رکوع فیہ۔ (الحدیث)

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۴ ص ۲۱۸)

حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا جس دین میں رکوع نہیں اس میں کوئی بھلائی نہیں۔

Ḥadrat 'Uthmān bin Abi Al-'Āṣ رضی اللہ عنہ narrated that the Holy Prophet ﷺ said: "There is no good in a religion in which there is no bowing down."

*-(Musnad Imām Ahmad bin Hanbal V4, P218)*

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال کان رسول اللہ ﷺ اذا رکع استوی فلو صب علی ظھرہ الماء لاستقر۔

(رواہ الطبرانی فی الکبیر و ابویعلی۔ مجمع الزوائد و منبع الفوائد ج ۲ ص ۱۲۳)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ جب رکوع کرتے تو پیٹھ کو سیدھی کرتے۔ حتیٰ کہ اگر آپ کی پیٹھ پر پانی رکھ دیا جاتا تو ٹھہر جاتا۔

Ḥadrat Ibn 'Abbās رضی اللہ عنہما narrated that when the Almighty Allah's Prophet ﷺ used to perform the *rukū'* (bowing), his back was so straight that if water were poured on it, it would have stayed in place.

*-(Aṭ-Ṭabarāni in Al-Kabīr and Abu Ya'lā in Majma' Az-Zawā'id and Manba' Al-Fawā'id V2, P123)*

245

بسم اللہ الرحمن الرحیم ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعد خلقک ومنتہی نفسک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

# سیدنا راقی المنبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار منبر پر قدم مبارک رکھنے والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

*Sayyidunā RĀQ-IL-MINBAR* ﷺ
(Our Leader,
Who Ascended the Pulpit ﷺ)

عن عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ قال کان جذع نخلۃ فی المسجد یسند رسول اللہ ﷺ ظھرہ الیہ اذا کان یوم الجمعۃ او حدث امر یرید ان یکلم الناس فقالوا الا نجعل لک یا رسول اللہ ﷺ شیئا کقدر قیامک قال لا علیکم ان تفعلوا فصنعوا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ مسجد میں ایک کھجور کی لکڑی کا شہتیر گاڑا ہوا تھا۔ جس کے ساتھ آپ اپنی پیٹھ مبارک کی ٹیک لگایا کرتے تھے۔ جمعہ کے دن یا کسی ایسے وقت جب کوئی نئی صورتحال پیدا ہوتی آپ لوگوں کو مخاطب فرمایا کرتے تھے۔ صحابہؓ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ ہم آپ کے لیے آپ کے قدمبارک کے برابر ایک اونچی

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

له منبرًا ثلث مراقی قال فجلس علیه قال فخار الجذع کما تخور البقرة جزعًا علی رسول الله ﷺ فالتزمه وسمعه حتی سکن۔

(رواه احمد)

(تاریخ ابن کثیر ج ۶۔ ص ۱۳۰)

چیز تیار کر دیں؟ آپؐ نے فرمایا کوئی حرج نہیں۔ تو انہوں نے آپؐ کے لیے تین سیڑھیوں والا منبر بنا دیا جب آپؐ اس پر تشریف فرما ہوئے تو اس شہتیر سے ایسی آواز نکلی جیسے گائے بچے کی جدائی میں دردناک آواز نکالتی ہے۔ وہ آپؐ کے فراق کو برداشت نہ کر سکا۔ آپؐ منبر سے نیچے تشریف لائے اور آپؐ اس سے چمٹ گئے اور اس پر شفقت کا ہاتھ پھیرا حتیٰ کہ وہ چُپ ہو گیا۔

Hadrat 'Abdullāh bin 'Umar رضی اللہ عنہ narrated that a stump of a palm tree, against which the Messenger of Allah the Almighty ﷺ used to support his back, was fixed in (the centre of) the Masjid at Madinah Al-Munawwarah. On Fridays, or at any other event, he would address the people from there. The Companions asked whether they should erect something appropriate to the Holy Prophet's (ﷺ) height, and he agreed to this. Thus, they made a pulpit for him, with three steps. When he sat on it, the stump groaned like a bellowing cow, as if it were grieving for the Messenger of Allah the Almighty ﷺ. Therefore, he ﷺ got off the pulpit and embraced the stump, until it had quietened down.

*-(Narrated by Ahmad in Tarikh Ibn Kathīr V6, P130)*

عن ابی سعید رضی اللہ عنہ قال کان النبی ﷺ یقوم الی خشبة یتوکأ علیها

حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ ایک لکڑی کے ساتھ ٹیک لگا کر خطبہ جمعہ





یخطب کل جمعة حتی اتاه رجل من القوم فقال ان شئت جعلت لک شیئا اذا قعدت علیه کنت کأنک قائم قال نعم قال فجعل له المنبر فلما جلس علیه حنت الخشبة حنین الناقة علی ولدها حین نزل النبی ﷺ فوضع یده علیها۔ (الحدیث)

(رواه ابو یعلی۔ مجمع الزوائد و منبع الفوائد ج ۲ ص ۱۸۰)

ارشاد فرمایا کرتے تھے حتیٰ کہ آپؐ کے پاس قوم میں سے ایک آدمی آیا اس نے عرض کیا کہ آپؐ چاہیں تو میں آپؐ کو ایک چیز تیار کر دوں جب آپؐ اس پر بیٹھیں تو معلوم ہو کہ آپؐ کھڑے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا ہاں بناؤ۔ اس نے آپؐ کیلئے ایک منبر تیار کیا جب آپؐ اس پر تشریف فرما ہوئے تو وہ لکڑی رو پڑی جیسے اُونٹنی اپنے بچے پر روتی ہے۔ حضور اقدس ﷺ منبر سے اُتر پڑے اور آپؐ نے اس پر اپنا دستِ مبارک رکھا۔

Hadrat Abu Sa'id رضی اللہ عنہ narrated that the Holy Prophet ﷺ used to lean his back against a stump of wood and give sermons every Friday. A man came to the Holy Prophet ﷺ and said: "If you wish I can have something made for you that when you are seated on it will make you appear as though you were standing". He ﷺ said: "Yes, (do so)." He erected for him a pulpit (*Minbar*).

When he sat on it, the stump of wood cried like a she-camel wailing for its litter. So the Almighty Allah's Prophet ﷺ climbed down and put his hand on the piece of wood (to calm it).

*-(Abu Ya'lā in Majma' Az-Zawā'id wa Manba' Al-Fawā'id V2, P180)*

بسم اللہ الرحمن الرحیم
ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ
اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک
وعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

# سیدنا الراقی ﷺ

ہمارے سردار — دم کرنے والے — درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

## Sayyidunā AR-RĀQIY ﷺ
## (Our Leader, the Healer ﷺ)

اشارۃ الی قولہ:
"وَقِيلَ مَنْ رَّاقٍ ۝"
(سورۃ القیامۃ — ۲۷)

اشارہ ہے اس آیت کی طرف:
"اور کہا گیا کہ ہے کوئی دم کرنے والا۔"

Reference to the *Holy Qur'ān*:

And there will be a cry,
"Who is the magician
(To restore him)?"
-(*Al-Qiyāmah 75:27*)

عن حبیب بن مریط رضی اللہ عنہ ان اباہ خرج الی رسول اللہ ﷺ وعیناہ مبیضتان لا یبصر بھما شیئا اصلا، فسألہ ما

حضرت حبیب بن مریط رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ میرے ابا جان حضور اقدس ﷺ کے پاس حاضر ہوئے اور ان کی دونوں آنکھیں بالکل سفید تھیں۔ ان سے وہ کچھ دیکھ نہ





اصابك ؟ فقال كنت ارعى جملالى فوقعت رجلى على بطن حية فاصبت ببصرى قال فنفث رسول الله ﷺ فى عينيه فابصر فرأيته وانه ليدخل الخيط فى الابرة وانه لابن ثمانين سنة وان عينيه لمبيضتان۔

(تاریخ ابن کثیر ج ۶ ص ۱۶۲)

سکتے تھے۔ آپ نے دریافت فرمایا۔ کہ تجھے کیا ہوا؟ اس نے کہا میں اپنے اونٹوں کو چرا رہا تھا کہ اچانک میرا پیر سانپ پر پڑ گیا۔ جس سے میری آنکھیں جاتی رہیں۔ حضور اقدس ﷺ نے اس کی آنکھوں پر دم کر کے تھوکا تو وہ اسی وقت دیکھنے لگا میں نے اپنے ابا جان کو دیکھا کہ وہ اسی سال کی عمر میں سوئی میں دھاگہ ڈال لیتے تھے۔ اور ان کی دونوں آنکھیں سفید تھیں۔

Ḥaḍrat Ḥabīb Al-Mariṭ رضی اللہ عنہ narrated that his father went to the Messenger of Allah the Almighty ﷺ when both his eyes had turned completely white and he could not see a thing with them. The Holy Prophet ﷺ asked what had happened to him. He replied that while he had been grazing his camels, his foot had fallen suddenly on a snake and his sight had been lost. So Allah's Prophet ﷺ uttered (some words) into the eyes of that man (so as to release them from venom), and he began to see.

Ḥaḍrat Ḥabīb رضی اللہ عنہ then saw his father, even at the age of eighty, threading a needle while both the eyes were still white.

-(*Tārīkh Ibn Kathīr V6, P162*)

عن محمد بن عقبة بن شرجيل عن جده عبد الرحمن

حضرت محمد بن عقبہ بن شرجیل اپنے دادا حضرت عبد الرحمن وہ اپنے

عن ابیه رضی اللہ عنہ قال اتیت رسول الله ﷺ وبکفی سلعة فقلت یانبی الله ﷺ هذه السلعة قد اورمتنی تحول بینی و بین قائم السیف ان اقبض علیه وعن عنان الدابة فقال رسول الله ﷺ ادن منی فدنوت ففتحها فنفث فی کفی ثم وضع یده علی السلعة فما زال یطحنها بکفه حتی رفع عنها وما اری اثرها۔

(رواه الطبرانی مجمع الزوائد ومنبع الفوائد ج ۸ ص ۲۹۸)

والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور میری ہتھیلی میں رسولی تھی۔ اور اس پر ورم تھا میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے نبی ﷺ یہ رسولی ہے۔ اور اس پر ورم ہے جسکی وجہ سے میں تلوار نہیں پکڑ سکتا۔ اور نہ ہی گھوڑے کی لگام پکڑ سکتا ہوں۔ آپ نے فرمایا میرے قریب ہو۔ میں آپ کے قریب ہوا۔ آپ نے میری ہتھیلی پر تھوکا۔ پھر آپ نے اپنا دست مبارک اس پر پھیرا جب آپ نے اپنا دست مبارک پھیر کر اٹھایا۔ تو اس رسولی کا کوئی نام و نشان نہ تھا۔

Hadrat Muhammad bin 'Uqba bin Sharjil رضی اللہ عنہ, who heard his grandfather talking about his father Hadrat 'Abd Al-Rahman رضی اللہ عنہ, said that a tumour appeared in his great-grandfather's palm, and he could not hold a sword nor the reigns of a horse. So the Messenger of Allah the Almighty ﷺ told him to draw near, then he expectorated onto his palm and rubbed his hand over it, until there was no trace of the tumour left.

*-(At-Tabarāni in Majma' Az-Zawā'id wa Manba' Al-Fawa'id V8, P298)*

بسم الله الرحمن الرحیم

اللهم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آله واصحابه وعترته بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنة عرشک ومداد کلماتک استغفر الله الذی لا اله الا هو الحی القیوم واتوب الیه

ماشاء الله لا قوة الا بالله

# سیدنا الرامح ﷺ

ہمارے سردار نیزہ والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

## Sayyidunā AR-RĀMIḤ ﷺ
## (Our Leader, the Lance-Thrower ﷺ)

عن ابن عمر رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله ﷺ بعثت بالسیف حتی یعبد الله لاشریك له وجعل رزقی تحت ظل رمحی وجعل الذلة والصغار علی من خالف امری ومن تشبه بقوم فهو منهم۔

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۲ ص ۵۰)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا مجھے تلوار دے کر بھیجا گیا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کی خالص بندگی کی جائے جس کا کوئی شریک نہیں اور اللہ تعالیٰ نے میری روزی میرے نیزے کے سایہ میں رکھ چھوڑی ہے۔ اور اس نے ذلت اور خواری کو ان لوگوں پر مسلط کر دیا ہے جو میری مخالفت کرتے ہیں اور جو کسی قوم کے ساتھ مشابہت کرتا ہے، وہ انہیں

میں سے ہے۔

Ḥadrat Ibn 'Umar رضی اللہ عنہ narrated that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ said: "I have been sent with the sword so that worship of Allah the Almighty Who has no associate is upheld."

The Holy Prophet ﷺ added: "Allah the Almighty has made my livelihood come under the shade of my sword. He has made wretchedness and humiliation come upon those who oppose me. The one who resembles another people, becomes one of them."

-(*Musnad Imām Aḥmad bin Ḥanbal V2, P50*)





بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

# سیدنا الرامی ﷺ

ہمارے سردار ٹھکانے پر تیر مارنے والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

## *Sayyidunā AR-RĀMIY* ﷺ
## (Our Leader, the Marksman ﷺ)

اشارۃ الی قولہ:

" وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ".

(سورۃ الانفال ـ ۱۷)

اشارہ ہے اس آیت کی طرف:

"اور آپ نے خاک کی مٹھی نہیں پھینکی لیکن اللہ نے وہ پھینکی"

Reference to the *Holy Qur'ān*:

When thou threwest (a handful
Of dust), it was not
Thy act, but Allah's . . .
-(*Al-Anfāl 8:17*)

وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ

"اور ان کافروں کے لیے جس قدر تم سے ہو سکے ہتھیار سے اور پلے ہوئے گھوڑوں سے سامان درست رکھو کہ اس کے ذریعہ سے

وَعَدُوَّكُمْ۔"

(سورۃ الانفال — ۶۰)

تم رُعب جمائے رکھو۔ ان پر جو کہ اللہ کے دشمن ہیں اور تمہارے دشمن ہیں۔"

Against them make ready
Your strength to the utmost
Of your power, including
Steeds of war, to strike terror
Into (the hearts of) the enemies . . .
-*(Al-Anfāl 8:60)*

عن سلمة بن الاكوع رضی اللہ عنہ قال مر النبی صلی اللہ علیہ وسلم على نفر من اسلم ينتضلون فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ارموا بنی اسمٰعیل فان اباكم كان راميا وانا مع بنی فلان قال فامسك احد الفريقين بايديهم فقال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم مالكم لاترمون قالوا كيف نرمی وانت معهم قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ارموا

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس قبیلہ اسلم کے چند لوگوں کے پاس سے گذرے اور وُہ تیر اندازی کر رہے تھے۔ آپؐ نے فرمایا حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد تیر چلاؤ تمہارے آباؤ اجداد تیر چلایا کرتے تھے۔ اور میں فلاں قبیلے کی طرف ہوں۔ تو اس پر دُوسری طرف والے تیر چلانے سے رُک گئے آپؐ نے فرمایا کیوں رُک گئے ہو؟ تو انہوں نے عرض کیا۔ ہم کیسے مقابلہ کریں۔ جب کہ آپؐ ہمارے مخالف گروہ کی طرف ہو گئے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا تیر چلاؤ میں تم سب کے ساتھ ہوں۔





وانا معكم كلكم۔

(صحیح البخاری ج ۱ ص ۴۰۶)

Ḥadrat Salama bin Al-Akwa' رضی اللہ عنہ narrated that the Holy Prophet ﷺ passed by some people of the Banū Aslam, who were practising lance-throwing. The Holy Prophet ﷺ said: "O Banī Ismā'īl! Do practise (your) lance-throwing, as your fore-fathers were great marksmen. Keep on throwing, for I am with Banī So-and-So."

At this, some of the party ceased throwing. The Almighty Allah's Messenger ﷺ said: "Why do you not throw?" To this they replied: "How can we, when you are with them (i.e. the other side)?"

At this, the Holy Prophet ﷺ said: "Throw, and I am with all of you." -*(Saḥīh Al-Bukhārī V1, P406)*

عن قيس بن ابی جازم رضی اللہ عنہ قال رأيت خالد بن الوليد رضی اللہ عنہ يوم اليرموك يرمی بين هدفين ومعه رجال من اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم قال وقال امرنا ان نعلم اولادنا الرمی والقرآن۔

(رواہ الطبرانی مجمع الزوائد ومنبع الفوائد ج ۵۔ ص ۲۶۹)

حضرت قیس بن ابی حازم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے جنگِ یرموک کے دن حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو دیکھا وہ دو نشانوں پر تیر مار رہے تھے۔ اور اُنکے ساتھ حضورِ اقدس ﷺ کے صحابہ کرام بھی موجود تھے اور انہوں (خالد) نے فرمایا۔ ہمیں حکم ملا ہے کہ ہم اپنی اولاد کو تیر اندازی اور قرآن کی تعلیم دیں

Ḥadrat Qais bin Abi Jāzim رضی اللہ عنہ narrated that on the day of the Battle of Yarmūk, he saw Ḥadrat Khālid bin Al-Walīd رضی اللہ عنہ firing at two targets. Some of the Companions of Muḥammad ﷺ were with him. Ḥadrat Khālid رضی اللہ عنہ stated: "The Almighty Allah's Prophet ﷺ commanded us to teach our sons lance-throwing and the *Holy Qur'ān*."
-*(At-Ṭabarānī in Majma' Az-Zawā'id wa Manba' Al-Fawā'id V5, P269)*

# سیدنا الرائی صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار سچے خواب دیکھنے والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

*Sayyidunā AR-RĀ'IY* ﷺ
(Our Leader,
the Visionary of True Dreams ﷺ)

إشارة إلى قوله:

"لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ"

(سورة الفتح ۲۷)

اشارہ ہے اِس آیت کی طرف:

"بیشک اللہ نے اپنے رسُول کو سچا خواب دکھلایا۔"

Reference to the *Holy Qur'ān*:

Truly did Allah fulfil
The vision for His Messenger
-(*Al-Fath* 48:27)

عن عائشة رضی اللہ عنہا قالت اوّل ما بدئ به رسول الله ﷺ من الوحی الرؤیا الصالحة فی

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے کہا سب سے پہلی وحی جو حضُور اقدس ﷺ پر شروع ہُوئی وُہ اچھے

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین یا رب العلمین



النوم فكان لا يرى رؤيا الا جاءت مثل فلق الصبح.

(الحدیث، صحیح البخاری ج ۱ ص ۱)

خواب تھے پس جو خواب آپ دیکھتے تھے وہ (صاف صاف) صُبح کی روشنی کی طرح ظاہر ہو جاتا تھا۔

Hadrat 'Ā'isha رضی اللہ عنہا narrated that in the beginning, divine inspiration came to the Messenger of Allah the Almighty ﷺ in the form of righteous dreams, which came true, just like day-break.

-(*Ṣaḥīḥ Al-Bukhārī V1, P1*)

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال كان ابوهريرة رضی اللہ عنہ يحدث ان رجلا جاء الى النبی ﷺ فقال انی رايت الليلة ظلة ينطف منها السمن والعسل و رايت الناس يستقون بايديهم فالمستكثر و المستقل ورايت سببًا واصلا من السماء الى الارض فاراك يا رسول الله اخذت به فعلوت ثم اخذ به رجل بعدك فعلا ثم اخذه رجل بعده

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حدیث بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص حضُور اقدس ﷺ کی خدمت میں حاضر ہُوا اور عرض کیا کہ مَیں نے آج رات خواب دیکھا ہے کہ بادل ہے جس سے شہد اور گھی برس رہا ہے اور لوگ اپنے ہاتھوں سے لے کر پی رہے ہیں۔ مگر اس میں لوگوں کی مختلف حالتیں ہیں کسی نے کم لیا اور کسی نے زیادہ اور ایک رسّی دیکھی جو آسمان سے زمین تک لٹک رہی تھی۔ پھر مَیں آپؐ کو دیکھتا ہوں کہ اس کو پکڑ کر اُوپر چڑھ گئے۔ پھر آپؐ کے بعد اس رسّی کو ایک اور شخص نے پکڑا اور وُہ بھی چڑھ گیا پھر اسے پکڑ کر دوسرا

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین یا رب العلمین

فعلا ثم اخذ به رجل فقطع به ثم وصل له فعلا به فقال ابوبكر رضی اللہ عنہ ای رسول الله ﷺ بأبی أنت و امی والله لتدعنی اعبرها فقال اعبرها فقال اما الظلة فظلة الاسلام و اما ما ينطف من السمن والعسل فهذا القرآن لينه و حلاوته و اما المستكثر و المستقل فهو المستكثر من القرآن والمستقل منه و اما السبب الواصل من السماء الى الارض فهو الحق الذی انت عليه فاخذت به فيعليك الله ثم ياخذ به بعدك رجل آخر فيعلو به ثم ياخذ بعده رجل آخر فيعلوبه ثم ياخذ آخر

آدمی چڑھ گیا اور ایک آدمی نے اسے پکڑا تو وُہ ٹوٹ گئی مگر اس کیلیے پھر جوڑ دی گئی اور وُہ بھی اسکے ذریعہ چڑھ گیا اس پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان ہوں، مجھے اجازت ہو تو میں اس کی تعبیر عرض کروں؟ فرمایا (ہاں) تم اسکی تعبیر بتاؤ۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا وہ بدلی تو اسلام کی بدلی ہے۔ اور اس سے جو شہد اور گھی ٹپک رہا ہے وہ اس کی حلاوت اور نرمی ہے اس سے زیادہ لینے والا ہے جو قرآن زیادہ لیتا ہے۔ اور کم لینے والا وُہ ہے جو قرآن کم لیتا ہے۔ اور رسی جو آسمان سے زمین تک لٹک رہی ہے یہ وُہی حق ہے جس پر آپ ہیں۔ رسی کو آپ نے پکڑا ہے تو اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کو چڑھا دے گا۔ پھر آپ ﷺ کے بعد اسے کوئی دوسرا آدمی پکڑے گا اور اُوپر چڑھ جائیگا۔ پھر ایک اور آدمی اسے پکڑے گا اور وُہ اسکے ذریعے بلند ہوگا، پھر ایک اور آدمی پکڑے گا اور وُہ ٹوٹ جائیگی پھر اُسکے لیے جوڑ دیجائیگی اور وُہ





فينقطع به ثم يوصل له فيعلوبه ای رسول الله لتحدثنی اصبت ام اخطأت قال النبی ﷺ اصبت بعضا واخطأت بعضا قال اقسمت بابی انت و امی يا رسول الله لتخبرنی ما الذی اخطأت فقال النبی ﷺ لاتقسم۔ (جامع الترمذی ج۔ ص۵۳)

اسکے ذریعہ اوپر چڑھ جائے گا۔ یا رسُول اللہ ﷺ مجھے بتایئے کہ میں نے تعبیر صحیح بیان کی ہے یا غلط؟ آپ نے فرمایا تم نے کچھ تو ٹھیک بیان کیا ہے اور کچھ غلط۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں آپ کو قسم دیتا ہوں میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں۔ یا رسُول اللہ ﷺ مجھے بتایئے کہ غلط میں نے کیا بیان کیا ہے؟ اس پر حضور اقدس ﷺ نے فرمایا قسم مت دو۔

Ḥadrat Ibn ‘Abbās رضی اللہ عنہما reported that Ḥadrat Abu Huraira رضی اللہ عنہ said: “A man came to the Holy Prophet ﷺ, and reported that he had had a dream. He had seen a cloud, shedding honey and butter, from which people were drinking with their hands. Some drank a little, while others drank a lot. Then he had seen a rope, hanging down from the sky to the ground, and the Almighty Allah’s Prophet ﷺ had climbed up it, and then another man had followed him and climbed up, and then another. But when the third man held it and tried to climb up, the rope broke, so it was stuck together for him once more, and he too climbed up.

“At this, Ḥadrat Abu Bakr رضی اللہ عنہ asked, ‘By my father and mother, tell us the meaning of this dream.’ The Almighty Allah’s Prophet ﷺ asked Ḥadrat Abu Bakr رضی اللہ عنہ to say what he thought the meaning could be.

“Ḥadrat Abu Bakr رضی اللہ عنہ stated that the cloud meant Islam, and that the butter and honey were the *Holy Qur’ān*, with its sweetness. Those who took little were those who take only little advantage from the *Holy Qur’ān*, while those who drank more were those who take more from it.

The rope that was suspended from the heavens to the earth signified the truth, which was held by the Almighty Allah's Prophet ﷺ, and who Allah the Almighty raised up. Then after him another man held it and climbed up and was raised. Then another man took hold of it and was raised up. But when the third man held it, it broke, but was stuck together again, and so he also climbed up.

"Then Abu Bakr رضی اللہ عنہ asked the Messenger of Allah ﷺ if he thought he had explained the dream correctly. The Holy Prophet ﷺ replied that some of it was correct, but some not. Abu Bakr رضی اللہ عنہ asked, 'By my father and mother, tell me what my mistake was.' But the Holy Prophet ﷺ told him not to swear so.

*-(Jāmi' At-Tirmidhi V2, P53)*



# سیدنا الراوی عن ربہ صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار اپنے رب سے روایت کرنیوالے درود و سلام ہو آپ پر

*Sayyidunā*
*AR-RĀWIYU 'AN RABBIH* ﷺ
(Our Leader,
Who Narrated About His Lord ﷺ)

عن انس رضی اللہ عنہ
عن النبی ﷺ
یرویہ عن ربہ
قال اذا تقرب
العبد الیّ شبرًا
تقربت الیہ ذراعًا
واذا تقرب الیّ
ذراعًا تقربت منہ
باعًا واذا اتانی
مشیاً اتیتہ ھرولۃً۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے۔ آپ اپنے رب
سے روایت کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ
فرماتا ہے جب بندہ میری طرف
ایک بالشت نزدیک ہوتا ہے
میں اس کی طرف ایک ہاتھ نزدیک
ہوتا ہوں۔ اور جب وہ میری طرف
ایک ہاتھ نزدیک ہوتا ہے تو میں
اس کی طرف ایک گز نزدیک ہوتا
ہوں۔ اور جب وہ میرے پاس

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین یا رب العلمین

(صحیح البخاری ج ۲-ص ۱۱۲۵)

پیدل آتا ہے۔ تو میں اس کے پاس دوڑ کر آتا ہوں۔

Hadrat Anas bin Mālik ﷺ reported that the Holy Prophet ﷺ narrated from His Lord as saying: "If my servant approaches Me (at a pace) by the span of a hand, I will come nearer to him (paced) by an arm's length; and if he comes nearer to me (paced) by an arm's length, I will go nearer to him (paced) by the span of outstretched arms; and if he comes to me walking, I will go to him running."

*-(Sahīh Al-Bukhān V2, P1125)*

عن ابی هریرة رضی اللہ عنہ عن النبی ﷺ یرویه عن ربکم قال لکل عمل کفارة والصوم لی وانا اجزی به و لخلوف فم الصائم اطیب عند الله من ریح المسک۔

(صحیح البخاری ج ۲ ص ۱۱۲۵)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ حضور اقدس ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ آپ تمہارے رب سے روایت کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ہر عمل کا کفارہ ہے۔ مگر روزہ وہ میرے لیے ہے اور میں خود ہی اس کا بدلہ دوں گا اور البتہ روزے دار کے منہ کی بو کستوری کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ ہے۔

Hadrat Abu Huraira رضی اللہ عنہ reported that the Holy Prophet ﷺ narrated from your Lord as saying: "Every sinful deed can be atoned for, and that the fast is for my sake, so I will give the reward for it. The smell that comes from the mouth of a fasting person is sweeter in the sight of Allah the Almighty than the smell of musk."

*-(Sahīh Al-Bukhāri V2, P1125)*





عن ابن عباس رضی اللہ عنہما عن النبی ﷺ فیما یروی عن ربه قال لا ینبغی لعبد ان یقول انه خیر من یونس بن متی۔

(صحیح البخاری ج ۲ ص ۱۱۲۵)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ حضور اقدس ﷺ سے روایت کرتے ہیں ان روایات سے جو آپ نے اپنے رب سے روایت کی ہیں۔ اللہ فرماتا ہے کہ کسی بندے کو لائق نہیں کہ وہ یہ کہے۔ کہ میں حضرت یونس بن متی علیہ السلام سے بہتر ہوں۔

Hadrat Ibn 'Abbās رضی اللہ عنہما reported the Holy Prophet ﷺ narrating from His Lord Who said: "It does not befit a slave (of Allah the Almighty) to say that he is better than Yūnus bin Mattā (Jonah)".

*-(Sahih Al-Bukhān V2, P1125)*

# سیدنا الربانی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار ربّ والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پے

*Sayyidunā AR-RABBĀNĪ* ﷺ
(Our Leader, the Godly ﷺ)

إشارة إلى قوله:

" مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ تَدْرُسُوْنَ ○ "

(سورة آل عمران ۷۹)

اشارہ ہے اس آیت کی طرف:

کسی بشر کے لیے یہ بات مناسب نہیں کہ اللہ تعالیٰ اسکو کتاب اور فہم اور نبوت عطا فرمادیں۔ پھر وہ لوگوں سے کہنے لگے کہ میرے بندے بن جاؤ اللہ تعالیٰ (کی توحید) کو چھوڑ کر لیکن (وہ یہ) کہے گا کہ تم لوگ اللہ والے بن جاؤ۔ بوجہ اس کے کہ تم کتاب الٰہی سکھاتے ہو اور بوجہ اس کے کہ (خود بھی اس کو) پڑھتے ہو۔

(سورۃ آل عمران ۷۹)

Reference to the *Holy Qur'ān*:



Is it not (possible)
That a man, to whom
Is given the Book,
And Wisdom,
And the Prophetic Office,
Should say to people:
"Be ye my worshippers
Rather than Allah's":
On the contrary
(He would say):
"Be ye worshippers
Of Him, Who is truly
The Cherisher of all:
For ye have taught
The Book and ye
Have studied it earnestly."
*-(Āl 'Imrān 3:79)*

الربانی الذی یربی الناس بصغار العلم قبل کبارہ۔ (صحیح البخاری ج ۱ ص ۱۶)

ربّانی وُہ ہے۔ جو لوگوں کی چھوٹے علموں سے لے کر بڑے علموں کی تربیت کرے۔

A *rabbānī* (good instructor) is one who starts teaching people the simple facts of knowledge before touching on the bigger, more difficult ones.
*-(Ṣaḥīḥ Al-Bukhārī V2, P16)*

✳

# سیدنا ربعة ﷺ

درمیانہ قد

ہمارے سردار درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

## Sayyidunā RAB'AH ﷺ
## (Our Leader, of Medium Height ﷺ)

عن انس بن مالک رضی اللہ عنہ قال کان رسول اللہ ﷺ ربعة.

(الطبقات الکبریٰ لابن سعد ج ۱ ص ۴۱۲)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ درمیانہ قد تھے۔

Hadrat Anas bin Mālik رضی اللہ عنہ narrated that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ was of medium height.

-(At-Tabaqāt Al-Kubrā by Ibn Sa'd VI, P412)

عن البراء بن عازب رضی اللہ عنہ یقول کان رسول اللہ ﷺ رجلاً مربوعاً بعید ما بین المنکبین عظیم الجمة الی

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ درمیانہ قد کے تھے آپ کے کندھوں کے درمیان زیادہ فاصلہ تھا۔ بڑی زلفوں والے جو





شحمة اذنیه علیه حلة حمراء ما رأیت شیئاً قط احسن منه۔

(شمائل الترمذی ص ۱)

کانوں کی لو تک تھیں۔ آپ پر سرخ رنگ کا جوڑا تھا۔ میں نے آپ سے زیادہ کوئی چیز خوبصورت نہیں دیکھی۔

Hadrat Al-Barā' bin 'Āzib رضی اللہ عنہ narrated that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ was of medium height. He had broad shoulders and long locks of hair, that hung down to his ears. He wore a red-coloured robe, I had never before seen anyone more beautiful than him.

-(Shamā'il At-Tirmidhi P1)

# سیدنا ربیع الیتامی صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار یتیموں کی بہار درود و سلام بھیجے اللہ آپ پے

*Sayyidunā RABĪ'-UL-YATĀMĀ* ﷺ
(Our Leader, Blessing of Orphans ﷺ)

عن عائشة رضی اللہ عنہا انها تمثلت بهذا البيت و ابوبكر رضی اللہ عنہ يقضى ،

وابيض يستسقى الغمام بوجهه
ربيع اليتامى عصمة للارامل

فقال ابوبكر رضی اللہ عنہ ذاك والله رسول الله ﷺ۔

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۱ ص )

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے اپنے ابا جان ابوبکر صدیق رضی کی جان کنی کے وقت یہ شعر پڑھا۔

اور وہ سفید چہرہ والے جنہیں دیکھ کر بادل بارش برسا دیتا ہے۔ وہ یتیموں کے موسم بہار اور بیوگان کے سہارا ہیں۔

تو اس پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بولے اس شعر کے مستحق تو حضور اقدس ﷺ ہیں میں نہیں۔

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین آمین یا رب العلمین



Ḥadrat ʻĀ'isha رضی اللہ عنہا narrated that she cited the following verse when her father, Ḥadrat Abu Bakr رضی اللہ عنہ, was dying:

"The white one by the complexion
Of whom clouds would shed rain
The Spring of blessings for orphans
And constant refuge for widows"

At this, Ḥadrat Abu Bakr رضی اللہ عنہ exclaimed: "By Allah the Almighty this description matches the Messenger of Allah the Almighty ﷺ (not me)."

*-(Musnad Imām Aḥmad bin Ḥanbal V1, P7)*

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین آمین یا رب العلمین

# سیدنا الرتع صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار کثرت سے ذکر کرنے والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

*Sayyidunā AR-RATI'* ﷺ
(Our Leader,
Constantly Invoking Allah ﷺ)

اراد بها ذكر الله و شبه الخوض فيه بالرتع فى الخصب۔

(مجمع البحار ج ۱ ص ۴۶۴)

الرتع سے مراد اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے چرنے میں غور وخوض کی تشبیہ اس لیے دی ہے جس طرح شادابی کے موسم میں جانور گھاس خوب چرتے ہیں۔

By this name is meant "invoking Allah the Almighty devotedly (*Dhikr*) in the manner of grazing sheep engrossed in abundant pastures".

*-(Majma' Al-Biḥār V1, P464)*

الرتع ان يتسع فى اكل الفواكه والخروج الى التنزه

الرتع کا معنی میوہ جات کا خوب سیر ہو کر کھانا اور سیر کے لیے باغات اور چشموں کی طرف





فى الارياف والمياه كعادتهم فى الرياض فاستعمل فى الفوز بالثواب الجزيل۔

(مجمع البحار ج ۱ ص ۴۶۶)

نکل جانا جس طرح عرب کی عادت باغوں کی سیر کرنا تھا۔ اس میں حدیث میں اس کا استعمال بہت بڑے ثواب میں کامیابی حاصل کرنا ہے۔

The word *rati'* means "to eat fruits to the full, and to go out into the countryside, to meadows and springs", as is customary with the Arab people. It is used (in the context of *Dhikr*) to denote excellence in high degrees of heavenly rewards.

*-(Majma' Al-Biḥār V1, P466)*

عن جابر يعنى ابن عبد الله رضی اللہ عنہ قال خرج علينا رسول الله ﷺ فقال يأيها الناس ان لله سرايا من الملائكة تجل الله و تقف على مجالس الذكر فى الارض فارتعوا فى رياض الجنة قالوا و اين رياض الجنة يارسول الله ﷺ قال مجالس الذكر فاغدوا و روحوا فى ذكر الله و اذكروه بانفسكم من كان

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ حضور اقدس ﷺ تشریف لائے۔ اور فرمایا لوگو اللہ کے کچھ فرشتے زمین میں نکل کر اس کی حمد وثنا بیان کرتے ہیں اور ذکر کی مجلسوں میں کھڑے ہو جاتے ہیں۔ تم بھی بہشت کے باغیچوں سے چر لیا کرو۔ انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ بہشت کے باغیچے کیا ہیں؟۔ آپ نے فرمایا ذکر کی مجلسیں۔ کچھ صبح اور کچھ شام اللہ کے ذکر میں گذارا کرو۔ اور اس کو اپنے نفسوں میں یاد کیا کرو۔ جو شخص

يحب ان يعلم منزلته عند الله فلينظر كيف منزلة الله عنده فان الله ينزل العبد منه حيث انزله من نفسه۔

(مجمع الزوائد ومنبع الفوائد ج۱۰۔ص۷۷)

یہ چاہتا ہے کہ وُہ اپنا مرتبہ اللہ کے ہاں جانے اس کو چاہیئے کہ وُہ ذرا دھیان کرے کہ اللہ کا مرتبہ اس کے ہاں کتنا ہے۔ اللہ تعالیٰ بندہ کو وُہ مرتبہ عطا فرماتا ہے جو انسان اللہ کا مرتبہ اپنے ہاں جانتا ہے۔

Ḥaḍrat Jābir bin 'Abdullāh رضی اللہ عنہ narrated that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ came to them and said: "O people! Allah the Almighty has appointed groups of angels on the earth who glorify Allah the Almighty and attend sessions of *Dhikr* (Remembrance of Allah the Almighty). You must also graze in the meadows of Paradise!"

So the people asked: "O Messenger of Allah the Almighty ﷺ! Where are the meadows of Paradise?"

The Messenger of Allah the Almighty ﷺ said: "They are the sessions of *Dhikr*, so go back and forth to the remembrance of Allah the Almighty, and remember Him within yourselves. Whoever wishes to know his status with Allah the Almighty, let him observe the status of Allah the Almighty that he upholds in his mind. For Allah the Almighty grants a servant the kind of status that the servant perceives in his mind as belonging to Allah the Almighty."

*-(Majma' Az-Zawā'id wa Manba' Al-Fawā'id V10, P77)*





بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

# سیدنا الرجل ﷺ

ہمارے سردار کنگھی کیے گئے بالوں والے درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

*Sayyidunā AR-RAJIL* ﷺ
(Our Leader,
With Long, Combed Hair ﷺ)

رجل الشعر كانه مشط۔

(شرح المواهب اللدنية للزرقانی ج۳۔ص۱۳۲)

آپ کے بال مُبارک ایسے تھے، گویا ان کو کنگھی کی گئی ہے۔

The Holy Prophet's ﷺ hair hung as though it had been combed.

*-(Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya by Az-Zarqāni V3, P132)*

عن عائشة رضی اللہ عنہا قالت كنت ارجل رأس رسول الله ﷺ وأنا حائض۔

(شمائل الترمذی ص۴)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ مَیں حالتِ حیض میں حضور اقدس ﷺ کے سر مبارک کو کنگھی کیا کرتی تھی۔

Ḥaḍrat 'Ā'isha رضی اللہ عنہا narrated: "I used to comb the

Almighty Allah's Messenger's (ﷺ) hair while I was in a state of menstruation."

-(*Shamā'il At-Tirmidhi P4*)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ اپنے سر مُبارک کو بہت زیادہ تیل لگایا کرتے تھے اور ریش مبارک کو کنگھی کیا کرتے تھے اور سر مبارک پر رومال باندھا کرتے تھے۔

عن انس بن مالك رضی اللہ عنہ قال كان رسول الله ﷺ يكثر دهن راسه وتسريع لحيته ويكثر القناع۔

(شمائل الترمذی ص۴)

Hadrat Anas bin Mālik رضی اللہ عنہ narrated that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ used to oil his blessed head, comb his beard and wear ample head covering.

-(*Shamā'il At-Tirmidhi P4*)





اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا محمد النبی المجتبیٰ وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ وحزبہ ومن تبعھم بعد وعنا معھم یا رب العلمین

ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

# سیدنا رجل الشعر صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار کنگھی کیے گئے سر مبارک والے درود وسلام بھیجے لاکھوں آپ پر

## *Sayyidunā RAJIL-UR-RA'S* ﷺ
## (Our Leader, Who had Combed Hair ﷺ)

عن ابی هريرة رضی اللہ عنہ قال كان رسول الله ﷺ شثن القدمين والكفين ضخم الساقين عظيم الساعدين ضخم العضدين و المنكبين بعيد ما بينهما رحب الصدر رجل الرأس اهدب العينين حسن الفم، حسن اللحية، تام الاذنين. ربعة من القوم لا طويل ولا قصير، احسن الناس لونا، يقبل معا و يدبر معا، لم ارمثله ولم

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ پورے قدم مُبارک والے اور پوری ہتھیلیوں والے، بھری ہوئی پنڈلیوں والے، عظیم کلائی والے اور بھرے ہوئے بازوؤں والے اور بھرے ہوئے فراخ کندھوں والے، فراخ سینہ والے، کنگھی کیے گئے سر مبارک والے، سیاہ چشم، خوبصورت دہان والے، خوبصورت ریش مُبارک والے، پورے گوش مبارک والے، درمیانہ قد والے، نہ لمبے نہ پست قد، رنگ میں حسین تر،

متوجّہ ہوتے یا پیچھے مڑتے تو یکدم پھر جاتے
مَیں نے آپؐ جیسا نہ دیکھا نہ سُنا۔

اسمع بمثلہ۔
(تاریخ ابن کثیرؒ ج ۶ ص ۱۹)

Ḥaḍrat Abu Huraira رضی اللہ عنہ narrated that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ was a man of robust feet and palms; well-built legs and arms; ample, wide shoulders; splendid upper arms and a broad chest. He had well-combed hair; his eyes had long eyelashes; he had a beautiful mouth and beard; and perfect ears. He was of medium build, neither too tall nor too short, and had the finest complexion of all. When he moved forward or turned around he would turn all at once. Ḥaḍrat Abu Huraira رضی اللہ عنہ had neither seen nor heard of anybody like him.

-(*Tārīkh Ibn Kathīr V6, P19*)





# سیدنا الرجیح ﷺ

ہمارے سردار افضل درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

## Sayyidunā AR-RAJĪḤ ﷺ
## (Our Leader, Who Excels ﷺ)

ای الزائد علی غیرہ فی الفضل۔
(شرح المواہب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳ ص ۱۳۲)

فضیلت میں دوسروں سے افضل۔

That is, he (ﷺ) outweighs all others in eminence.
-(*Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya by Az-Zarqāni V3, P132*)

عن ابی ذر الغفاری رضی اللہ عنہ قال قلت یا رسول اللہ ﷺ کیف علمت انک نبیٌ حتے استیقنت فقال یا اباذر اتانی ملکان و انا ببعض

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مَیں نے عرض کیا یا رسول اللہ! (ﷺ) جب آپؐ نبی بنائے گئے تو آپؐ نے کیونکر جانا کہ آپؐ نبی ہیں؟ حتےٰ کہ آپؐ نے یقین کر لیا کہ آپؐ نبی ہیں۔ آپؐ نے فرمایا اے ابوذرؓ! میں مکے کی کسی گھاٹی میں تھا کہ میرے پاس دو

بطحاء مكة فوقع
احدهما على الأرض
وكان الآخر بين
السماء والارض فقال
احدهما لصاحبه اهو
قال نعم قال
فزنه برجل فوزنت
به فوزنته ثم
قال زنه بعشرة
فوزنت بهم فرجحتهم
ثم قال زنه
بمائة فوزنت بهم
فرجحتهم ثم قال
زنه بألف فوزنت
بهم فرجحتهم كاني
انظر اليهم يسقطون
على من خفة
الميزان قال فقال
احدهما لصاحبه
لو وزنته بامته
لرجحها۔

(سنن الدارمی ج ۱ ص ۱۷)

فرشتے آئے اور ایک تو زمین میں
ٹھہر گیا اور دوسرا آسمان اور زمین
کے درمیان تھا اور ایک نے
اپنے ساتھی سے کہا کہ کیا یہ وہی ہیں؟
اس نے کہا ہاں، کہا (اچھا) ان کو
ایک آدمی کے ساتھ تولو۔ میں اس
کے ساتھ تولا گیا تو اس سے وزنی
ٹھہرا۔ پھر کہا ان کو دس آدمیوں کے
ساتھ تولو، میں ان کے ساتھ تولا
گیا تو میرا (پلہ) ان سے بھی جھک
گیا۔ پھر کہا ان کو سو آدمیوں سے
تولو، ان کے ساتھ تولا گیا تو میرا
(پلہ) ان سے بھی جھک گیا۔ پھر
اس نے کہا کہ ان کو ہزار آدمیوں
کے ساتھ تولو، پس میں ان کے
ساتھ تولا گیا تو میں ان سے بھاری
نکلا گویا کہ میں ان کو دیکھ رہا ہوں
کہ ترازو کے پلے ہلکے ہونے کی وجہ
سے وہ مجھ پر گر رہے ہیں۔ آپ
نے فرمایا پھر ان میں سے ایک نے
اپنے ساتھی سے کہا کہ اگر تو ان کو ان
کی (ساری) اُمت کے ساتھ تولتا

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
امین امین امین یا رب العلمین ط



تو آپ ان سے بھی بھاری نکلتے۔

Hadrat Abu Dharr Al-Ghifāri رضی اللہ عنہ narrated that he asked the Holy Prophet ﷺ, how, when he was chosen, did he know he was a prophet, and how did he become certain of the fact that he was one. The Messenger of Allah the Almighty ﷺ replied:

"O Abu Dharr رضی اللہ عنہ! I was in a valley in Makkah Al-Mikarramah when two angels appeared before me; one stood on the earth while the other remained between the earth and the sky. One of them asked the other if I was the one. The other angel said, 'Yes.' The first angel said to the other, 'Weigh him against ten men.' I outweighed them. Then the angel said to the other, 'weigh him against a hundred men', and still I outweighed them.

"Then I was weighed against a thousand men. I outweighed them. They were, as I watched them, as if falling onto me because of the lightness of their side of the scale. So one of the angels said to the other, 'Even if you were to weigh him against his *Ummah*, he would indeed outweigh it.'"

*-(Sunan Ad-Dārimi V1, P17)*

*

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
امین امین امین یا رب العلمین ط

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

# سیدنا رحب الراحۃ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار فراخ ہتھیلی والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

## Sayyidunā RAḤAB-UR-RĀḤAH ﷺ
## (Our Leader, Broad of Palm ﷺ)

ای واسعھا وقیل کنایۃ عن سعۃ العطاء والجود - (نسیم الریاض ج ۲ ص ۱۹۴)

یعنی فراخ ہتھیلی والے اور کہا گیا ہے کہ یہ کنایہ ہے آپؐ کی بخشش اور فراخی سخاوت سے۔

Indeed, he ﷺ was broad of palm which indicated his generosity.
-(Nasīm Ar-Riyāḍ V2, P194)

عن ابی ذر رضی اللہ عنہ قال سمعت رسول اللہ ﷺ یقول ما احب لو ان لی ھذا الجبل ذھبا انفقہ ویتقبل منی اذر خلفی منہ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور اقدس ﷺ کو فرماتے سنا کہ اگر میرے لیے یہ پہاڑ سونے کا بن جائے تو میں اس کو (اللہ کی راہ میں) خیرات کردوں اور وہ مجھ سے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط



ست اواق۔

(مسند الامام احمد بن حنبلؒ ج ۱ ص ۶۳)

قبول بھی ہوجائے، یہ مجھے زیادہ محبوب ہے اس بات سے کہ میں اپنے پیچھے چھ اوقیے چھوڑ جاؤں۔

Ḥadrat Abu Dharr Al-Ghifāri رضی اللہ عنہ narrated that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ said that even if he had a mountain made of gold, he would still give it away in charity. And if it were accepted of him, he would rather cherish this than leave behind (even) a saving of six ounces (unused for charity).
-(Musnad Imām Aḥmad bin Hanbal)

رحب الراحۃ فراخ کف دست (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۲۲)

رحب الراحۃ کا معنیٰ ہاتھ کی ہتھیلی کا فراخ ہونا۔

*Raḥab ar-rāḥa* means "broad of palm".
-(Madārij An-Nubuwwa V1, P22)

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

# سیدنا رحب الصدر صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار — فراخ سینہ — درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

*Sayyidunā RAḤAB-UṢ-ṢADR* ﷺ
(Our Leader, Broad of Chest ﷺ)

عن ابی هريرة رضی اللہ عنہ قال كان رسول الله ﷺ شثن القدمين والكفين ضخم الساقين رحب الصدر

الحديث - رواه الواقدی (تاریخ ابن کثیر ج ۶ ص ۱۹)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ بھرے ہوئے پاؤں اور ہتھیلیوں والے بھاری پنڈلیوں والے، فراخ سینہ والے تھے۔

Hadrat Abu Huraira رضی اللہ عنہ narrated that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ was a man of robust feet and palms; well-built legs; and a broad chest.

*-(Hadīth related by Wāqidi: Tārikh Ibn Kathīr V6, P19)*

فی الترمذی والبیهقی عریض الصدر وقال البیهقی کان بطنه ﷺ غیر مستفیض فهو مساو

ترمذی اور بیہقی میں عریض الصدر کا لفظ آیا ہے یعنی چوڑے سینے والے۔ امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ حضور اقدس ﷺ کا شکم

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین یا رب العلمین



لصدره وصدره عريض مساو لبطنه والعريض و الواسع بمعنى۔

(نسیم الریاض ج ۱ ص ۳۳۲)

شکم مبارک بڑھا ہوا نہیں تھا۔ وہ سینہ کے برابر تھا اور سینہ مبارک چوڑا شکم کے برابر تھا اور عریض و وسیع کا مطلب ایک ہی ہے۔

This term 'broad of chest' appears in both *Al-Baihaqi* and *At-Tirmidhi*. Imām Baihaqi says that the Holy Prophet's ﷺ stomach was not copious, but that it was at level with his chest, and his chest was as broad as his stomach. Hence, "wide" and "broad" here mean the same thing.

*-(Nasīm Ar-Riyad V1, P332)*

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین یا رب العلمین

# سیدنا الرحمة ﷺ

ہمارے سردار رحمت درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

## Sayyidunā AR-RAHMAH ﷺ
## (Our Leader, God's Mercy ﷺ)

عن ابی موسیٰ رضی اللہ عنہ عن النبی ﷺ قال ان اللہ عزوجل اذا اراد رحمة امة من عباده قبض نبیها قبلها فجعله لها فرطا وسلفا بین یدیها واذا اراد هلكة امة عذبها ونبیها حی فاهلكها وهو ینظر فاقر عینه بهلكتها حین كذبوه وعصوا امره.

(الصحیح لمسلم ج ۲ ص ۲۴۹)

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ کسی امت پر رحمت کا ارادہ کرتا ہے تو ان کے نبی کو امت کی ہلاکت سے پہلے بلا لیتا ہے اور وہ اپنی امت کے لیے پیش خیمہ ہوتا ہے اور جب کسی امت کی ہلاکت چاہتا ہے تو اسے انکے نبی کے سامنے ہلاک کر دیتا ہے اور ان کا نبی ان کی ہلاکت دیکھ کر اپنی آنکھیں ٹھنڈی کرتا ہے کیونکہ انھوں نے اپنے نبی کی تکذیب کی تھی اور





اس کے حکم کی نافرمانی کی تھی۔

Hadrat Abu Mūsā رضی اللہ عنہ reported the Holy Prophet ﷺ as saying: "When Allah the Almighty, the Exalted and Glorious, intends to show mercy to a group of His servants (*Ummah*), He calls back His Prophet to His Eternal Abode, and makes him a harbinger and grants the recompense in the years to come. And when he intends to bring destruction to an *Ummah*, He punishes it while its Prophet is alive, and destroys it as the Prophet looks on. And his eyes acknowledge the destruction as they disavow and spurn him.

-(*Sahīh Muslim V2, P249*)

یا سیدنا رحمۃ للعلمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار جہانوں کیلئے رحمت درود وسلام ہو آپ پر

Sayyidunā RAḤMATUN-LIL-'ĀLAMĪN ﷺ
(Our Leader,
Mercy for All Creatures ﷺ)

اشارہ ہے اس آیت کی طرف،
"ہم نے کسی بات کے واسطے نہیں
بھیجا مگر لوگوں کے لیے رحمت بنا کر"

إشارة إلى قوله :
" وَمَا أَرْسَلْنٰكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ (سورۃ الانبیاء، ۱۰۷)

Reference to the *Holy Qur'ān*:

We sent thee not, but
As a mercy for all creatures.
*-(Al-Anbyā' 21: 107)*

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ
سے عرض کیا گیا کہ مشرکوں کے لیے
بددعا فرمائیں۔ آپ نے فرمایا کہ
مجھے لعنت کرنے والا بنا کر نہیں بھیجا

عن ابی هريرة رضی اللہ عنہ
قال قيل يارسول الله
ﷺ ادع علی
المشركين قال انی لم
ابعث لعانا وانما بعثت

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین یارب العلمین ط



رحمۃ - (اخرجہ مسلم۔ تفسیر ابن کثیر ج ۳ ص ۲۰۱)

گیا میں تو رحمت بنا کر بھیجا گیا ہوں

Hadrat Abu Huraira رضی اللہ عنہ narrated: "It was suggested to the Messenger of Allah the Almighty ﷺ that he should curse the polytheists, and he replied that he not been sent to curse, but as a mercy."
*-(Muslim in Tafsīr Ibn Kathīr V3, P201)*

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما
(وَمَا أَرْسَلْنٰكَ إِلَّا رَحْمَةً
لِّلْعٰلَمِيْنَ) قال من
تبعه كان له رحمة فی
الدنيا والآخرة ومن
لم يتبعه عوفی مما كان
يبتلی به سائر الامم
من الخسف والمسخ والقذف.

(رواه الطبرانی)

(تفسیر ابن کثیر ج ۲ ص ۲۰۲)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما
وَمَا أَرْسَلْنٰكَ إِلَّا رَحْمَةً
لِّلْعٰلَمِيْنَ کے تحت فرماتے ہیں
آپ اپنے تابعداروں کے لیے دنیا
اور آخرت میں رحمت ہیں اور جو
آپ کے مخالف ہیں، وہ بھی
ان عذابوں سے بچ گئے جو اگلی
اُمتوں پر آتے تھے۔ زمین کے اندر
دھنس جانا، چہروں کا مسخ ہو جانا
اور پتھروں کی بارش کا عذاب۔

Hadrat Ibn 'Abbās رضی اللہ عنہما said that the above Verse means: "For those who follow him he ﷺ is a mercy in this world and the next, but those who do not follow him will also be saved from the kind of tragedies from which previous people had suffered (as a result of disobedience to their Prophets), such as landslides, volcanic eruptions and earthquakes".
*-(At-Tabarānī in Tafsīr Ibn Kathīr V3, P202)*

عن عكرمة رضی اللہ عنہ
قال قيل يارسول الله
(ﷺ) الا تلعن

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ
کی خدمت میں گذارش کی گئی کہ یا

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین یارب العلمین ط

تريشا بما اتوا
اليك فقال لم
ابعث لعانا انما
بعثت رحمة يقول
الله وما أرسلناك
الا رحمة للعالمين۔

(الدر المنثور ج ۴ - ص ۳۴۲)

رسول اللہ ﷺ! آپ قریش
پر لعنت کیوں نہیں کرتے حالانکہ
انھوں نے آپ پر بہت زیادتی
کی ہے تو آپ نے فرمایا میں لعنت
کرنے کے لیے نہیں بھیجا گیا بلکہ
میں تو رحمت بنا کر بھیجا گیا ہوں۔
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اور نہیں بھیجا
ہم نے آپ کو مگر تمام جہانوں
کے لیے رحمت۔

Hadrat 'Ikrima رضی اللہ عنہ narrated that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ was asked why he did not curse the *Quraish* for what they had inflicted upon him, and he replied that he had been sent not to curse, but as a blessing. As Allah the Almighty says: "We sent thee not, but as a mercy for all creatures."

*-(Ad-Durr Al-Manthūr V4, P342)*

عن ابی امامة رضی اللہ عنہ
قال قال رسول الله
ﷺ ان الله بعثني
رحمة للعالمين وهدى للمتقين

(تفسیر فتح القدیر للشوکانی ج ۴ ص ۲۱۹)

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ
حضور اقدس ﷺ نے فرمایا اللہ
نے مجھے جہانوں کیلئے رحمت اور
پرہیزگاروں کے لیے ہدایت بنا کر
بھیجا ہے۔

Hadrat 'Umāma رضی اللہ عنہ narrated that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ said: "Allah the Almighty has sent me as a mercy to the worlds and as a guidance for pious people."

*-(Tafsīr Fath Al-Qadīr by Ash-Shawqānī V3, P419)*

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین یا رب العلمین ط



بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا رحمتنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک

ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

# سیدنا رحمۃ لامتہ صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار — اُمت کیلئے رحمت — درود و سلام بھیجے لاکھ آپ پر

*Sayyidunā* RAḤMAT-UL-UMMAH ﷺ
(Our Leader, Blessing of his *Ummah* ﷺ)

عن یزید بن ثابت
رضی اللہ عنہ قال خرجنا مع
رسول الله ﷺ
فلما وردنا البقيع اذا هو
بقبر جديد فسأل
عنه فقيل فلانة
فعرفها فقال ألا
آذنتموني بها؟ قالوا
يارسول الله كنت
قائلا صائما فكرهنا
ان نؤذنك فقال

حضرت یزید بن ثابت رضی اللہ عنہ
سے روایت ہے کہ ہم حضور اقدس
ﷺ کے ساتھ گورستان بقیع
میں گئے، وہاں ایک نئی قبر تھی،
آپ نے پوچھا کہ یہ کس کی قبر ہے؟
بتایا گیا کہ فلاں عورت کی قبر ہے۔
جس کو آپ نے پہچان لیا تو آپ
نے فرمایا تم نے مجھے کیوں نہ آگاہ کیا تو
انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ
آپ روزہ رکھ کر سو رہے تھے، ہم نے یہ
مناسب نہ سمجھا کہ آپ کو بے وقت

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین یا رب العلمین ط

لا تفعلوا لا یموتن فیکم میت ما کنت بین أظهرکم الا أذنتمونی به فان صلاتی علیه له رحمة قال ثم أتی القبر فصففنا خلفه وکبر علیه أربعا۔

(مسند الإمام احمد بن حنبل ج ۵ ص ۱۸۳)

تکلیف دیں۔ آپؐ نے فرمایا ایسا نہ کرو، جب تک میں تم میں زندہ ہوں اور تمہارے ہاں کوئی میت ہو جائے تو مجھے ضرور آگاہ کیا کرو، کیونکہ اس پر میرا نماز جنازہ پڑھنا اس کے لیے رحمت ہے، پھر آپؐ قبر پر تشریف لائے اور ہم نے صفیں باندھیں اور آپؐ نے چار تکبیروں سے جنازہ پڑھا۔

Hadrat Yazid bin Thābit ؓ narrated: "We went with the Messenger of Allah the Almighty ﷺ and when we arrived at *Al-Baqī'* cemetery we saw a new grave there. The Holy Prophet ﷺ asked whose it was. They told him it was the grave of such and such woman. The Holy Prophet ﷺ had known her and he asked why they had not told him about her (death). They replied that at the time he had been taking a siesta as he had kept a fast, and it had not been appropriate to tell him. So the Holy Prophet ﷺ said: "Do not do this. For as long as I am alive among you, always inform me whenever someone dies, as my prayer will be a source of blessing for the deceased."

Then he ﷺ approached the grave and we gathered behind him standing in rows. He ﷺ recited four *Takbīrs* (of the funeral prayer).

*-(Musnad Imām Ahmad bin Hanbal)*

عن ابی صالح ؓ قال کان النبی ﷺ ینادیهم یا ایها الناس

حضرت ابو صالح ؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ لوگوں کو پکار کر فرماتے تھے کہ اے





انما انا رحمة مهداة۔

(سنن الدارمی ج ۱ ص ۱۷)

لوگو! میں (تمہارے لیے) رحمت ہوں جو (تمہارے پاس) بھیجی گئی ہے۔

Hadrat Abu Ṣālih ؓ narrated that the Holy Prophet ﷺ used to address people as follows: "O people! Indeed I am sent as a (source of) blessing and guidance to you!"

*-(Sunan Ad-Dārmī V1, P17)*

عن ابی ذر الغفاری ؓ قال قال رسول الله ﷺ ان الله تجاوز لی عن امتی الخطاء والنسیان وما استکرهوا علیه۔

(سنن ابن ماجة ص ۱۴۷)

حضرت ابوذر غفاری ؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ اللہ نے میری وجہ سے میری اُمت کی خطائیں اور بھول چوک اور جو گناہ ان سے بحالتِ مجبوری سرزد ہوئے ہوں کو معاف فرما دیا ہے۔

Hadrat Abu Dharr Al-Ghifārī ؓ narrated that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ said: "Allah the Almighty has forgiven the mistakes of my *Ummah*, their omissions in forgetfulness and the sins which they were forced to commit unintentionally."

*-(Sunan Ibn Mājah P147)*

# سیدنا رحمۃ مھداۃ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار ہادی رحمت درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā RAḤMATU MUHDĀH ﷺ
(Our Leader, (Source of)
Blessing and Guidance ﷺ)

روی الحاکم عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ انما انا رحمۃ مھداۃ و رواہ الطبرانی بلفظ بعثت رحمۃ مھداۃ۔

(شرح المواھب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳ ص ۱۳۱)

امام حاکم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ نے فرمایا میں رحمت ہادی ہوں اور طبرانی کی روایت میں ہے کہ میں بھیجا گیا ہوں ہادی رحمت بنا کر۔

Imām Al-Ḥākim رضی اللہ عنہ has narrated on the authority of Ḥadrat Abu Huraira رضی اللہ عنہ, that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ said: "I am (a source of) mercy and guidance".

*-(Sharh Al-Mawāhib Al-Ladunya by Az-Zarqāni V3, P131)*

الرحمۃ فی بنی آدم

آدم کی اولاد میں رحمت انکے

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ
اٰمین اٰمین اٰمین یارب العلمین ط



رقۃ القلب ثم عطفہ۔

(مجمع البحار ج ۱ ص ۴۷۵)

دل کا نرم اور مہربان ہونا ہے۔

*Raḥmah* in the context of mankind means 'softness of heart' and 'kindness'

*-(Majma' Al-Bihār P475)*

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ انما انا رحمۃ مھداۃ۔

(تفسیر ابن کثیر ج ۳ ص ۲۰۱)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ نے فرمایا کہ میں رحمتِ ہدایت ہوں۔

Ḥadrat Abu Huraira رضی اللہ عنہ narrated that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ said: "I am (a source of) mercy and guidance."

*-(Tafsīr Ibn Kathīr V3, P201)*

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ
اٰمین اٰمین اٰمین یارب العلمین ط

سیدنا الرحم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار صلہ رحمی فرمانے والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā AR-RAHM ﷺ
(Our Leader, the Compassionate ﷺ)

قالت خديجة رضی اللہ عنہا كلا والله ما يخزيك الله ابدًا انك لتصل الرحم وتحمل الكل وتكسب المعدوم و تقرى الضيف و تعين على نوائب الحق۔ (الحديث)

(صحیح البخاری ج ۱ ص ۳)

حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے کہا ایسا ہرگز نہیں اللہ کی قسم آپ کو اللہ کبھی پریشان نہ کرے گا آپ تو قرابتداری کا پاس کرتے ہیں۔ بیکسوں کا بوجھ اُٹھاتے ہیں اور محتاج کو کما کر دیتے ہیں اور مہمان نوازی کرتے ہیں، اور مصائب میں حق کی مدد فرماتے ہیں۔

Hadrat Khadījah رضی اللہ عنہا said that she said to the Holy Prophet ﷺ: "Never! By Allah the Almighty, Allah the Almighty will never disgrace you. (Because) you keep good relations with your kith and kin, help the poor and destitute, serve your guests generously and assist the deserving, calamity-afflicted." -(Sahīh Al-Bukhārī V1, P3)

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط



عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال هرقل ملك الروم لأبی سفيان فما ذا يامركم قلت يقول اعبدوا الله وحده ولا تشركوا به شيئًا واتركوا ما يقول اٰباؤكم ويأمرنا بالصلوٰة و الصدق والعفاف والصلة۔

(الحديث)

(صحیح البخاری ج ۱ ص ۴)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ روم کے بادشاہ ہرقل نے ابوسفیان سے دریافت کیا کہ وُہ پیغمبر تم کو کیا حکم کرتے ہیں۔ تو ابوسفیان نے جواب میں کہا کہ وہ ہمیں کہتے ہیں۔ کہ ایک اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک مت ٹھہراؤ۔ اور اپنے باپ دادا کی رسموں کو چھوڑ دو اور وُہ ہمیں نماز پڑھنے کا حکم دیتے ہیں۔ اور سچائی کی تلقین کرتے ہیں۔ اور پرہیزگاری اور صلہ رحمی کا حکم دیتے ہیں۔

Hadrat Ibn 'Abbās رضی اللہ عنہما narrated that Heraclius, the Byzantine Emperor, asked Abu Sufyān رضی اللہ عنہ what the Holy Prophet ﷺ enjoined them to do. Abu Sufyān رضی اللہ عنہ replied: "He teaches us to worship the One Supreme God, and to associate no-one with Him, to give up what our forefathers taught us, and commands us to say our prayers, to be truthful, to behave righteously and be kind towards kith and kin (so as to establish good ties between them)."
-(Sahīh Al-Bukhari V1, P4)

عن ابی موسی الاشعری رضی اللہ عنہ انه سمع النبی

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ انہوں نے حضور

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

ﷺ يقول لن تؤمنوا حتى تراحموا قالوا يارسول الله ﷺ كلنا رحيم قال انه ليس برحمة احدكم صاحبه ولكنها رحمة الناس رحمة العامة۔

(رواه الطبرانی، مجمع الزوائد و منبع الفوائد ج ۸۔ ص ۱۸۶)

اقدس ﷺ سے سُنا۔ آپؐ فرماتے تھے۔ تم ہرگز مومن نہ ہوگے جبتک تم آپس میں پیار نہ کروگے۔ انہوں نے عرض کیا۔ یارسُول اللہ ﷺ سب پیار کرتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا ایک ساتھی کا دُوسرے سے محبت کرنا اتنی اہمیت نہیں رکھتا جتنا عام لوگوں سے محبّت کرنا۔

Hadrat Abu Mūsā Al-Ash'ari رضی اللہ عنہ narrated that he heard the Holy Prophet ﷺ say: "You will never be Believers until you are compassionate to each other." So the people said: "O the Messenger of Allah the Almighty ﷺ! we are all compassionate towards each other." He ﷺ replied: "For one of you to be compassionate towards your companion does not carry as much weight as to be compassionate towards the public at large, and to be kind to all and sundry."

*-(At-Tabarāni in Majma' Az-Zawā'id and Manba' Al-Fawā'id V8, P186)*





بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا و مولانا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وبارک وسلم انک حمید مجید

ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

# سیدنا الرحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار مہربان درود و سلام ہو آپ پر

*Sayyidunā AR-RAHĪM* ﷺ
(Our Leader, the Merciful ﷺ)

إشارة إلى قوله:

" بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ " ○ (سورة التوبة ۱۲۸)

إشارہ ہے اِس آیت کی طرف:

" ایمان والوں پر بہت شفیق مہربان ہیں۔"

Reference to the *Holy Qur'ān*:

....To the Believers
Is he most kind and merciful.
*-(At-Tawbah 9:128)*

عن عمران بن حصين رضی اللہ عنہ قال كانت ثقيف حلفاء لبني عقيل فاسرت ثقيف رجلين من اصحاب رسول الله ﷺ و اسر اصحاب رسول الله

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہ ثقیف بنو عقیل کے حلیف تھے، ثقیف نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے دو کو قید کر لیا اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بنو عقیل کا ایک آدمی قیدی بنا لیا اور اسکے ساتھ

ﷺ رجلا من بنی عقیل
واصابوا معه العضباء
فاتی علیه رسول الله
ﷺ وهو فی
الوثاق قال یا محمد
(ﷺ) فاتاه قال
ماشانك قال بم اخذتنی
وبم اخذت سابقة الحاج
قال اعظاما لذلك
اخذتك بجریرة حلفائك
ثقیف ثم انصرف
عنه فناداه فقال
یا محمد یا محمد (ﷺ)
وکان رسول الله ﷺ
رحیماً رقیقاً فرجع الیه
فقال ماشانك
قال انی مسلم قال
لو قلتها وانت تملك
امرك افلحت کل
الفلاح - الحدیث

(الصحیح لمسلم ج ۲ - ص ۴۴)

عضباء اونٹنی کو بھی گرفتار کر لیا۔ وہ قیدی
آپ ﷺ کے سامنے پیش کیا گیا ایسے
حال میں کہ وہ بیڑیوں میں جکڑا ہوا
تھا۔ کہنے لگا کہ اے محمد (ﷺ)!
آپ ﷺ اس کے پاس تشریف لائے
آپ ﷺ نے فرمایا کیا کام ہے؟ اس
نے کہا مجھے اور میری اونٹنی کہ جا بیوں
کے اونٹوں سے آگے بڑھ جاتی ہے
کس جرم کی بنا پر پکڑا گیا ہے آپ ﷺ
نے فرمایا کہ تیرے حلیفوں کی وجہ
سے تجھے قیدی بنا لیا گیا ہے جو ثقیف
قبیلہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ پھر آپ ﷺ
اسکے پاس سے چلے گئے۔ وہ پھر آپ ﷺ کو
آواز دیتا تھا کہ اے محمد! اے محمد!
اور حضور ﷺ تو بڑے رحم دل
اور شفقت فرمانے والے تھے۔ پھر
واپس تشریف لائے، فرمایا کیا بات
ہے، اس نے کہا کہ میں مسلمان ہوں
آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر یہ کلمہ تو پہلے
کہتا جب تو اپنے نفس کا مالک تھا
تو ساری کامیابی حاصل کرتا۔

'Imrān bin Ḥasīn رضی اللہ عنہ reported that the tribe of Thaqīf

ربنا تقبل منا انك انت السمیع العلیم
آمین آمین یا رب العلمین



used to be allied with the tribe of 'Uqail. The Banū Thaqif took two of the Companions of the Almighty Allah's Messenger ﷺ prisoners, so the Companions of the Almighty Allah's Messenger ﷺ took one member of Banī 'Uqail prisoner, and also captured *Al-'Aḍbā'*, (the Holy Prophet's (ﷺ) she-camel), who had also been with the man.

The Holy Prophet ﷺ came to the man, who was tied up (with ropes). The man called: "Muhammad ﷺ!" At this the Holy Prophet ﷺ approached him and said: 'What is wrong?" The prisoner said: "Why have you taken me prisoner, and why have you captured she who precedes the pilgrims (i.e the she-camel, who carried the Holy Prophet ﷺ on her back and walked ahead of the multitude)?" The Holy Prophet ﷺ said: "You have been captured as a result of the distress caused by the crime of your allies, Banū Thaqif." The Holy Prophet ﷺ then turned (his attention) away from him.

Again, the prisoner called: "Muḥammad ﷺ! Muḥammad ﷺ!", and since the Messenger of Allah the Almighty ﷺ was very compassionate and tender-hearted, he returned to him and asked him again what was wrong. The man said: "I am a *Muslim* (i.e. I submit to the Will of Allah the Almighty)!" To this the Holy Prophet ﷺ replied: "Had you said this when you were free, you would have succeeded in every way."

-(*Saḥīḥ Muslim V2, P44*)

الرحیم فعیل من الرحمة وهی
فی کلام العرب العطف و
الاشفاق وهو ﷺ ارحم
الخلق واعطفهم واشفقهم
وارقهم قلبًا۔

(شرح المواهب اللدنیة للزرقانی ج ۴ ص ۱۶۵)

رحیم رحمت سے فعیل کے وزن پر ہے اور وہ
عربی زبان میں پیار اور شفقت کے معنوں
میں مستعمل ہے اور آپ ﷺ تمام مخلوق
میں زیادہ رحیم اور زیادہ پیار والے اور
زیادہ شفقت والے اور سب سے زیادہ
رحمدل ہیں۔

ربنا تقبل منا انك انت السمیع العلیم
آمین آمین یا رب العلمین

*Raḥīm*, follows the pattern *Fa'īl*. In the Language of the Arabs it means "merciful" and "affectionate". The Holy Prophet ﷺ was the most merciful, most affectionate and most kind-hearted of all people.

*-(Sharh Al-Mawāhib Al-Ladunya by Az-Zarqāni V3, P386)*





سیدنا رحیم بالبہائم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار چوپاؤں کیساتھ پیار کرنیوالے درود و سلام ہو آپ پر

*Sayyidunā RAḤĪM BIL-BAHĀ'ĪM* ﷺ
(Our Leader, Merciful to Animals ﷺ)

عن ابی هريرة رضی اللہ عنہ ان رسول الله ﷺ قال بينما رجل يمشی بطريق اشتد به العطش فوجد بئرا فنزل فيها فشرب ثم خرج فاذا كلب يلهث يأكل الثرى من العطش فقال الرجل لقد بلغ هذا الكلب من العطش

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کسی وقت کوئی آدمی سفر کر رہا تھا۔ راستے میں اس کو سخت پیاس لگی۔ اس کو ایک کنواں مل گیا۔ اس نے اتر کر پانی پیا۔ پھر باہر آ گیا۔ کیا دیکھتا ہے کہ ایک کتے کا پلا زبان نکالے پیاس سے ٹھنڈی ریت کو چاٹ رہا ہے، اس آدمی نے خیال کیا کہ اس کتے کو ویسی ہی پیاس لگی جیسے مجھے لگی تھی۔ وہ کنویں میں

مثل الذی کان بلغنی فنزل البئر فملاء خفاہ ثم امسکھا بفیہ فسقی الکلب فشکر اللہ لہ فغفرلہ قالوا یا رسول اللہ ﷺ و ان لنا فی البھائم اجرا قال فی کل ذات کبد رطبۃ اجر۔

(الادب المفرد لامام البخاری ص ۵۶)

اُتر گیا۔ اُس نے اپنے دونوں جُوتوں کو پانی سے بھر لیا۔ پھر اُن کو اپنے مُنہ سے پکڑ لیا۔ باہر آکر اُس نے کُتّے کو پانی پلایا۔ اللہ سُبحانہٗ نے اُس کی قدر فرمائی اور اُسے بخش دیا۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسُول اللہ ﷺ کیا ہم کو چوپایوں کی خدمت کا بھی ثواب ملے گا۔ آپؐ نے فرمایا ہر تر جگر والے میں ثواب ہے۔

Hadrat Abu Huraira رضی اللہ عنہ reported that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ said: "Once a traveller, exhausted by thirst, came across a well. So he climbed down into it and quenched his thirst. When he emerged, he saw a puppy licking at the sand, so he thought to himself that the dog must be suffering from thirst, as he himself had been. So the man climbed down into the well, filled up his shoes with water, held them in his mouth, brought them out and put them before the dog. Allah the Almighty was pleased with the man and forgave him his sins."

The Companions asked if they would get heavenly rewards for caring for animals, and the Messenger of Allah the Almighty ﷺ replied: "There is reward for the care of any living being."

*-(Al-Adab Al-Mufrad by Imām Al-Bukhāri P56)*

عن انس رضی اللہ عنہ قال رأی رسول اللہ ﷺ حماراً موسوماً

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ حضُور اقدس ﷺ نے ایک گدھا دیکھا جس کو چہرے پر

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین یا رب العلمین ط



فی وجھہ فقال لعن اللہ من فعل ھذا۔

(رواہ البزار والطبرانی مجمع الزوائد ومنبع الفوائد ج ۸ ص ۱۱۰)

داغ دیا گیا۔ آپؐ نے فرمایا جس نے یہ کام کیا اس پر خُدا لعنت کرے

Hadrat Anas bin Mālik رضی اللہ عنہ narrated that once the Messenger of Allah the Almighty ﷺ saw a donkey which had been branded on its face. The Holy Prophet ﷺ said: "May the curse of Allah the Almighty be on whoever has done this."

*-(Al-Bazzār and At-Tabarāni in Majma' Az-Zawā'id wa Manba' Al-Fawā'id V8, P110)*

عن عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ قال مر رسول اللہ ﷺ برجل یحلب شاۃ فقال أی فلان اذا حلبت فابق لولدھا فانھا من ابر الدواب۔

(رواہ الطبرانی فی الکبیر مجمع الزوائد ومنبع الفوائد ج ۸۔ ص ۱۹۶)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضُور اقدس ﷺ ایک آدمی کے پاس سے گذرے جو بکری کا دُودھ نکال رہا تھا۔ آپؐ نے فرمایا اے فلاں کچھ دُودھ اس کے بچے کے لیے بھی چھوڑ کیونکہ یہ جانوروں کے ساتھ نیکی ہے۔

Hadrat 'Abdullah bin 'Amr رضی اللہ عنہ narrated that (once) the Almighty Allah's Prophet ﷺ passed by a man who was milking a sheep. He told him: "O so and so! While you are milking the sheep, leave some over for her little one, for this is an act of kindness to animals."

*-(At-Tabarāni in Al-Kabīr, Majma' Az-Zawā'id wa Manba' Al-Fawā'id V8, P196)*



ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین یا رب العلمین ط

ماشاء الله لا قوة الا بالله

بسم الله الرحمن الرحيم

اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا محمد النبي الامي وعلى اله واصحابه وعترته وبلغه عنا ما هو اهله

وعد وحقق ووفى عهدك ووعدك وارزقنا كلما استغفرك الذي لا اله الا هو اللهم واغفر لنا

# سیدنا رحیم بالخلق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

ہمارے سردار مخلوق کے ساتھ پیار کرنیوالے

## Sayyidunā RAḤĪM BIL-KHALQ ﷺ
## (Our Leader, Merciful to All Creatures ﷺ)

إشارة الى قوله:

وَمَا أَرْسَلْنٰكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝

(سورة الانبياء ۱۰۷)

اشارہ ہے اِس آیت کی طرف:

"اور ہم نے آپ کو اور کسی بات کے واسطے نہیں بھیجا مگر دُنیا جہان کے لوگوں پر مہربانی کرنے کے لیے"۔

Reference to the *Holy Qur'ān*:

We sent thee not, but
As a mercy for all creatures.
*-(Al-Anbiyā' 21:107)*

عن مالك بن الحويرث رضي الله عنه قال أتينا النبي ﷺ ونحن شببة متقاربون فاقمنا عنده عشرين

حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ہم میں سارے کے سارے ہم عمر نوجوان ہی تھے

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
امين امين امين يا رب العلمين ط



ليلة فظن انا اشتقنا اهلنا وسألنا عمن تركنا في اهلينا فاخبرناه وكان رفيقا رحيما فقال ارجعوا الى اهليكم فعلموهم ومروهم وصلوا كما رايتموني اصلي فاذا حضرت الصلوٰة فليؤذن لكم احدكم ثم ليؤمكم اكبركم۔

(صحیح البخاری ج ۲۔ ص ۸۸۸)

ہم آپ کے پاس بیس راتیں ٹھہرے آپ کو خیال آیا کہ آپ ہم وطن کے مشتاق ہیں۔ اور آپ نے ہم سے پوچھا کہ تمہارے کون کون سے رشتہ دار ہیں۔ ہم نے آپ کو بتا دیا اور آپ بڑے ہی نرم دل مہربان تھے ہم سب سے آپ نے فرمایا اچھا اپنے گھروں کو واپس چلے جاؤ اور انہیں بھی دین کی تعلیم دو۔ اور ان کو احکام خداوندی سمجھاؤ۔ اور جیسے مجھے نماز پڑھتے دیکھا ہے ویسے ہی نماز پڑھو۔ جب نماز کا وقت آجائے تو تم میں سے ایک اذان کہے اور جو تم میں سے بڑا ہو وہ امامت کرائے۔

Hadrat Mālik bin Al-Huwairith رضی اللہ عنہ narrated: "We, a few young men of approximately equal age, came to the Holy Prophet ﷺ and stayed with him for twenty nights. He thought then that we would be longing for our families, and he asked who we had left behind to look after them, so we told him. He was kindhearted and merciful, and said: 'Return to your families and teach them religious knowledge. Order them to do good deeds, and offer your prayers in the way you saw me offering mine, and when the stated time for the prayer is due, then one of you should pronounce its call (i.e. the *Ādhān*), and the eldest of you should lead you all in prayer.'"
*-(Saḥīh Al-Bukhārī V2, P888)*

عن ابی هريرة رضي الله عنه

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
امين امين امين يا رب العلمين ط

قال قبل رسول اللہ ﷺ الحسن بن علی رضی اللہ عنہ وعندہ الاقرع بن حابس التمیمی رضی اللہ عنہ جالسٌ فقال الاقرع بن حابس رضی اللہ عنہ ان لی عشرة من الولد ما قبلت منهم احدًا فنظر الیه رسول اللہ ﷺ ثم قال من لا یرحم لا یرحم۔

(صحیح البخاری ج ۲۔ ص ۸۸۷)

روایت ہے۔ کہ حضور اقدس ﷺ نے حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ کا بوسہ لیا اور اقرع بن حابس آپ کے پاس بیٹھا ہوا تھا تو وہ بولا۔ میرے دس بچے ہیں۔ میں نے کبھی کسی بچے کا بوسہ نہیں لیا۔ حضور اقدس ﷺ نے اس کی طرف دیکھا اور فرمایا جو اولاد پر رحم نہ کرے اس پر بھی رحم نہ ہوگا۔

Hadrat Abu Huraira رضی اللہ عنہ reported that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ kissed Al-Ḥasan bin 'Ali رضی اللہ عنہ while Al-Aqra' bin Ḥābis At-Tamimi رضی اللہ عنہ was sitting beside him. Al-Aqra' رضی اللہ عنہ said: "I have ten children and I have never kissed any of them." The Messenger of Allah the Almighty ﷺ cast a look at him and said: "Whoever is not merciful to others will not be treated mercifully."

*-(Ṣaḥīḥ Al-Bukhārī V2, P887)*





بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وبارک وسلم

ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

# سیدنا رحیم بالذبیحۃ صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار ذبیحہ پر رحم فرمانے والے درود و سلام ہو آپ پر

*Sayyidunā RAḤĪM BIL-DHABĪḤAH* ﷺ
(Our Leader,
Merciful to the Sacrificial Animal ﷺ)

عن ابی امامة رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ من رحم ولو ذبیحة رحمه الله یوم القیامة۔

(الادب المفرد ص ۵۷)

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضور اقدس ﷺ نے جو رحم کرے اور اگرچہ ذبیحہ جانور پر ہی کرے اللہ تعالیٰ اس پر قیامت کے دن رحم فرمائے گا۔

Ḥadrat Abu Umāma رضی اللہ عنہ narrated that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ said: "The one who is merciful even to the sacrificial animal, will receive the Almighty Allah's mercy on the Day of Judgement."

*-(Al-Adab Al-Mufrad by Imām al-Bukhārī P57)*

عن شداد بن اوس رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ ﷺ قال ان اللہ عزوجل کتب

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے ہر چیز

الاحسان علی کل شئ
فاذا قتلتم فاحسنوا القتلة
واذا ذبحتم فاحسنوا الذبح
ولیحد احدکم شفرته
ولیرح ذبیحته۔

(سنن ابن ماجہ ص ۲۲۹)

پر احسان کرنا لکھ دیا۔ پس جب تم کسی کو
قتل کرو تو اچھی طرح قتل کرو۔ اور جب تم
ذبح کرو تو احسن طریقے سے ذبح کرو۔
اور چاہیے کہ تم میں سے کوئی جب کسی جانور
کو ذبح کرے تو اپنی چھری کو تیز کرے
اور اپنے جانور کو آرام پہنچائے۔

Hadrat Shaddād bin Aws رضی اللہ عنہ narrated that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ said: "Allah the Almighty has enjoined mercy towards everything, so even if you (have to) kill someone, kill him with mercy. When you slaughter an animal, slaughter it in kindness; sharpen your knife and make it easy for the animal."

*(Sunan Ibn Mājah P229)*



اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا رحیما محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک

ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ

# سیدنا رحیما بالطیور صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار پرندوں کے ساتھ پیار کرنیوالے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

*Sayyidunā RAḤĪM BIṬ-ṬUYŪR* ﷺ
(Our Leader, Merciful to Birds ﷺ)

عن عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ قال کنا مع رسول اللہ ﷺ فی سفر فدخل غیطة فاخرج بیضة حمرة فجاءت الحمرة ترف علی رسول اللہ ﷺ و اصحابہ فقال ایکم فجع ھذہ فقال رجل من القوم انا اخذت بیضتھا فقال رده رده

حضرت عبداللہ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم حضور اقدس ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے۔ ایک آدمی درختوں کے جھنڈ میں داخل ہوا۔ وہاں سے ایک چڑیا کے انڈے نکال لایا۔ چڑیا آئی اور اُس نے حضور اقدس ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام کے سر پر چکر لگانا شروع کر دیا آپ نے فرمایا اس چڑیا کو کس نے گھبراہٹ میں ڈالا ہے۔ قوم میں سے ایک آدمی بولا کہ میں اسکے انڈے اُٹھا لایا ہوں۔ آپ

رحمة بها۔ (ابوداؤد الطیالسی)

(تاریخ ابن کثیر ج ۶ ص ۱۵۱)

نے فرمایا ان کو واپس کرو۔ واپس کرو
اس چڑیا پر رحم فرماتے ہوئے۔

Ḥaḍrat ʻAbdullah bin Masʻūd رضی اللہ عنہ narrated that once they were travelling with the Holy Prophet ﷺ, when someone entered a field and brought out a bird's egg. The bird (which resembles a sparrow) came and started circling (in the air) above the Almighty Allah's Prophet ﷺ and his Companions. He ﷺ asked: "Who has troubled that bird?" The man concerned told him that he had taken its egg. So, taking mercy on the bird, the Holy Prophet ﷺ said: "Return it. Return it."

*-(Abu Dā'ūd Aṭ-Ṭayāsi in Tārīkh Ibn Kathīr V6, P151)*





# سیدنا رحیم بالمؤمنین صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار مومنوں کے ساتھ پیار کرنیوالے درود و سلام پیش کرتے ہیں آپ

*Sayyidunā RAḤĪM BIL-MU'MINĪN* ﷺ
(Our Leader, Merciful to the Believers ﷺ)

اشارۃ الی قولہ

